عَلِمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب لفظ اللّٰہ اسم جلالت اس کا فاعل اَنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل کُمْ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم کُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ فعل ماضی استمراری جمع مذکر مخاطب۔ کُنْتُمْ فعل ناقص تُمْ ضمیر متصل اس کا اسم تَخْتَانُوْنَ فعل اس میں واوٗ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل اَنْفُسَ مضاف کُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۲۔ شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ : شہادت دی اللہ تعالیٰ نے اس بات کہ بے شک نہیں کوئی خدا سوائے اس کے۔

شَھِدَ فعل ماضی معروف لفظ اللّٰہ اسم جلالت اس کا فاعل۔ اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی ہٗ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم (i) لانفی جنس اِلٰہَ مبدل منہ الا حرف استثنا ھُوَ ضمیر بدل۔ مبدل منہ وبدل مل کر لانفی جنس کا اسم جس کی خبر مَوْجُوْدٌ محذوف ہے۔ مَوْجُوْدٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر۔ (ii) لانفی جنس اِلٰہ اس کا اسم مَوْجُوْدٌ شبہ فعل محذوف میں ھُوَ ضمیر مستتر مبدل منہ الا حرف استثنا ھُوَ بدل۔ مبدل منہ وبدل مل کر شبہ فعل کا نائب الفاعل۔ شبہ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر اَنَّ کی خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر صلہ، موصول صلہ بتاویل مفرد ہو کر شَھِدَ کا

Marfat.com

مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ اَخْبَرَ الرَّسُوْلُ اَنَّ اللّٰهَ وَاحِدٌ: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خبر دی کہ بے شک اللہ ایک ہے۔

اَخْبَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الرَّسُوْلُ اس کا فاعل اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی لفظ اللّٰہ اسم جلالت اس کا اسم وَاحِدٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنے خبر سے مل کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر اَخْبَرَ فعل کا مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔ اُعْلِنَ اَنَّ التِّلْمِیْذَ فَائِزٌ: اعلان کیا گیا کہ طالب علم کامیاب ہے۔

اُعْلِنَ فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی التِّلْمِیْذَ اس کا اسم فَائِزٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر نائب الفاعل۔ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ اَعْطَیْتُهٗ لِاَنَّهٗ فَقِیْرٌ: میں نے اسے دیا کیونکہ وہ فقیر ہے۔

اَعْطَیْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ ل حرف جار اَنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل موصول حرفی، ہٗ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم فَقِیْرٌ شبہ فعل صفت مشبہ اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنے خبر سے مل کر صلہ، موصول اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل وظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ عَجِبْتُ مِنْ طُوْلِ اَنَّکَ قَائِمٌ: تیرے زیادہ دیر کھڑے ہونے سے میں نے تعجب کیا۔

عَجِبْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل من حرف جار طُوْل مصدر مضاف اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی ک ضمیر منصوب متصل اس کا اسم قَائِمٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم خبر سے مل کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر طُوْلِ کا مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ من کا

Marfat.com

مجرور۔ جار مجرور ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل وظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ظَنِّیْ اَنَّکَ مُقِیْمٌ: میرا گمان ہے کہ آپ مقیم ہیں۔

ظَنٌّ مصدر مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مبتدا اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی ک ضمیر منصوب متصل اس کا اسم مُقِیْمٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم وخبر مل کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۸۔اِنَّ فِی الدَّارِ لَزَیْدًا: بے شک گھر میں زید ہے۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل فی حرف جار الدَّارِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق مَوْجُوْدٌ شبہ فعل، شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم۔ لام مزحلقہ زیدًا اسم مؤخر اِنَّ اپنی خبر مقدم واسم مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۹۔ اِنَّ لَدَیْنَآ اَنْکَالًا وَّ جَحِیْمًا: ہمارے پاس ان کے لیے بھاری بیڑیاں اور بھڑکتی آگ ہے۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل وحرف نسخ لَدَیْ اسم ظرف، مضاف نَا ضمیر مجرور متصل مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ ثابتان شبہ فعل مقدر کا۔ شبہ فعل اپنے ھُمَا ضمیر مستتر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اَنْکَالًا معطوف علیہ واوَ عاطفہ جَحِیْمًا معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف اسم مؤخر۔ اِنَّ اپنے اسم مؤخر و خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۰۔اِنَّمَا یُعَاقَبُ الْمُسِیْئُ: بے شک برائی کرنے والے کو سزا دی جائے گی۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل مکفوف عن العمل لدخول ما کافہ یُعَاقَبُ فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب اَلْمُسِیْئُ نائب الفاعل۔ فعل اپنے الفاعل نائب سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۱۔ کَاَنَّمَا الْقَصْرُ جَمِیْلٌ: گویا کہ محل خوبصورت ہے۔

کَاَنَّ حرف مشبہ بالفعل مکفوف عن العمل لدخول ما کافہ القَصْرُ اسم

Marfat.com

مرفوع مبتدا۔ جَمِیْلٌ شبہ فعل صفت مشبہ اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۲۔ لَعَلَّمَا الصَّنَاعَةُ نَاهِضَةٌ: شاید صنعت ترقی کرنے والی ہو۔

لَعَلَّ حرف مشبہ بالفعل غیر عاملہ لدخول ما کافہ الصَّنَاعَةُ اسم مرفوع مبتدا نَاهِضَةٌ شبہ فعل اسم فاعل واحد مونث اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۲۳۔ لَيْتَمَا التَّلَامِيْذُ نَاجُحُونَ: کاش طالب علم کامیاب ہوتے۔

لَيْتَ حرف مشبہ بالفعل غیر عاملہ لدخول ما کافہ التَّلَامِيْذُ مبتدا نَاجُحُوْنَ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۲۴۔ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ: بے شک انہیں (آخر) ہمارے پاس ہی لوٹ کر آنا ہے۔ پھر یقیناً ہمارے ہی ذمہ ان کا حساب لینا ہے۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اِلٰی حرف جار نَا ضمیر مجرور متصل مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اِيَابَ مصدر مضاف ھُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ اسم مؤخر۔ اِنَّ اپنی خبر مقدم اور اسم مؤخر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ۔ ثُمَّ حرف عطف اِنَّ حرف مشبہ بالفعل عَلٰی حرف جار نَا ضمیر مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر حِسَابَ مصدر مضاف ھُمْ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ اسم مؤخر۔ اِنَّ اپنے اسم مؤخر و خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۵۔ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ: بے شک وہ بہت بخشنے والا ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل و حرف تنخ ہٗ ضمیر منصوب متصل اس کا اسم۔ ھُوَ ضمیر فصل لا محل لھا فی الاعراب الغفور خبر اول الرحیم خبر ثانی اِنَّ اپنے اسم و دونوں خبروں سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

۲۶۔ أَتَمَنَّى اَنَّ الْقَمَرَ طَالِعٌ: میں خواہش کرتا ہوں کہ چاند طلوع ہو۔

أَتَمَنَّى فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں أَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی الْقَمَرَ اس کا اسم طَالِعٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر صلہ، موصول وصلہ بتاویل مفرد ہو کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۲۷۔ لَا شَکَّ فِی اَنَّ الْأَدَبَ وَاجِبٌ: اس بات میں کوئی شک نہیں کہ ادب ضروری ہے۔

لَا نفی جنس شَکَّ اس کا اسم فی حرف جار اَنَّ حرف مشبہ بالفعل موصول حرفی اَلْاَدَبَ اس کا اسم واجب شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اَنَّ کا اسم اپنی خبر سے مل کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ومتعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۸۔ قَالَتْ اِنَّ اَبِیْ یَدْعُوْكَ: اس (لڑکی) نے کہا کہ میرا باپ تجھے بلاتا ہے۔

قَالَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اسمیں ھی ضمیر جوازاً مستتر فاعل۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل اَبُ مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ اِنَّ کا اسم یَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ محلا منصوب مفعول بہ (مقولہ)۔ فعل اپنے فاعل ومقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

سبق نمبر 18 کی تراکیب

۱۔ لَا سُرُوْرَ دَائِمٌ: کوئی خوشی ہمیشہ رہنے والی نہیں۔

لا نفی جنس سُرُوْرَ اس کا اسم دائم شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر اسمیہ خبریہ۔

۲۔ لا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِیْفٌ: کوئی غلام کسی مرد کا ایسا نہیں جو زیرک ہو۔

لا نفی جنس غلام مضاف رجل مضاف الیہ۔ مضاب با مضاف الیہ اس کا اسم۔ ظَرِیْفٌ شبہ فعل صفت مشبہ اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۔ لارَاکِبًا فَرَسًا ذَاھِبٌ: کوئی گھوڑا سوار جانے والا نہیں۔

لا نفی جنس رَاکِبًا شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فَرَسًا مفعول بہ۔ شبہ فعل اپنے فاعل ومفعول سے مل کر شبہ جملہ ہو کر لا نفی جنس کا اسم ذَاھِبٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔ لا بُسْتَانَ مُثْمِرٌ: کوئی باغ پھل دار نہیں۔

لا نفی جنس بُسْتَانَ اس کا اسم مُثْمِرٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ لَا الرَّجُلُ فی الدَّارِ وَلَا ابْنُہٗ: گھر میں نہ آدمی ہے اور نہ اس کا بیٹا۔

لا نفی جنس غیر عاملہ۔ الرَّجُلُ معطوف علیہ فی حرف جار الدار مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل ثابتان کے شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُمَا نائب ضمیر الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر واؤ عاطفہ لا زائدہ برائے تاکید ابن مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مبتدا۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

٦۔ لَا شَجَرَةٌ اِلَّا مُثْمِرَةٌ: درخت پھل دار ہے۔

لا ملغی عن العمل شَجَرةٌ مبتدا الا حرف استثنا لغو مُثْمِرَةٌ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ مستثنیٰ مفرغ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ لا نفی جنس غیر عاملہ شَجَرَةٌ مبتدا الَّا حرف استثنا مُثْمِرَةٌ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

٧۔ لا فی الْحَدِیْقَةِ صِبْیَانٌ وَلَابَنَاتٌ: باغیچہ میں نہ بچے ہیں اور نہ بچیاں۔

لا نفی جنس غیر عاملہ فی حرف جار اَلْحَدِیْقَةِ مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتان شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُمَا ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم صبیان معطوف علیہ واؤ عاطفہ لا زائدہ برائے تاکید بنات معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم ومبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

٨۔ وُضِعَ الْأَثَاثُ فی الْحُجْرَةِ بِلَاتَرْتِیْبٍ: سامان کمرے میں بلا ترتیب رکھا گیا۔

وُضِعَ فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب الاثاث اسکا نائب الفاعل فی حرف جار اَلْحُجْرَةِ مجرور، جار مجرور ملکر ظرف لغو ب حرف جار لا نفی جنس غیر عاملہ ترتیب مجرور۔ جار مجرور ملکر ظرف لغو، فعل اپنے نائب الفاعل سے اور دونوں ظروف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

٩۔ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ: اس کی ترکیب آگے ہے۔

١٠۔ لا حَوْلَ ولا قُوَّةَ الا بِاللهِ العلّی العظیم: گناہوں سے بچنے کی طاقت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے اور اطاعت کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے۔

نوٹ: یہ مرادی معنی ہیں لفظی نہیں۔

لا نفی جنس حَوْلَ اسکا اسم اِلَّا باللّٰہ العلی العظیم مقدر جسمیں الا حرف استثنا با حرف جار لفظ اللّٰہ اسم جلالت موصوف العظیم شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف باصفت ب جار کا مجرور۔ جار مجرور ملکر متعلق مَوْجُوْدٌ مقدر کے۔ مَوْجُوْدٌ شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھو نائب الفاعل و متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لا برائے نفی جنس قُوَّةَ اس کا اسم

Marfat.com

الا حرف استثناب حرف جار لفظ اللّٰہ اسم جلالت موصوف العلی صفت اول و العظیم صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفات سے مل کر با صفت ب کا مجرور۔ جار مجرور ملکر متعلق موجودۃ شبہ فعل مقدر کے شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر نائب الفاعل و متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

۱۱۔ لَاحَوْلَ ولا قُوَّۃَ الا باللّٰہ العظیم:

لا نفی جنس حَوْلَ معطوف علیہ واؤ عاطفہ لا زائدہ برائے تاکید قُوَّۃَ معطوف علی محل اسم (لاالْاُوْلی) معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر لَا اسم۔ اِلَّا حرف استثناب حرف جار لفظ اللّٰہ اسم جلالت موصوف العَظِیْمِ صفت موصوف صفت ملکر ب کا مجرور جار مجرور مل کر ظرف مستقر ہوا موجودان شبہ فعل مقدر کا۔ شبہ فعل اپنے ھُمَا ضمیر نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر لا نفی جنس اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

(۱) لا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا باللّٰہِ الْعلیِّ العظیم: گناہوں سے بچنے کی طاقت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے اور اطاعت کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے (یہ مرادی معنی ہیں)۔

لا نفی جنس حول مبتدا معطوف علیہ باعتبار محل بعید اور باعتبار محل قریب لا کا اسم الا باللّٰہ العلی العظیم مقدر اِلَّا حرف استثناب حرف جار لفظ اللّٰہ اسم جلالت موصوف العلی صفت اول العظیم صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر ب کا مجرور جار مجرور ملکر مستثنیٰ مفرغ ہو کر ظرف مستقر ہوا مَوْجُوْدٌ شبہ فعل مقدر کا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر خبر۔ لا کی خبر معطوف علیہ واو حرف عطف لا برائے نفی جنس غیر عاملہ قُوَّۃٌ معطوف بر مبتدا الا حرف استثناب حرف جار لفظ اللّٰہ اسم جلالت موصوف العلی صفت اول العظیم صفت ثانی۔ موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر ب کا مجرور۔ جار مجرور ملکر مستثنیٰ مفرغ ہو کر ظرف مستقر ہوا مَوْجُوْدَۃٌ شبہ فعل کا شبہ، فعل اپنے ھی ضمیر نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا کی خبر معطوف بر خبر لا نفی جنس لا نفی جنس کا اسم اور مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

(۲) لَاحَوْلٌ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا باللّٰہ العلی العظیم:

Marfat.com

لا نفی جنس غیر عاملہ حَوْلٌ معطوف علیہ واوَ حرف عطف لا زائدہ قُوَّۃٌ معطوف معطوف علیہ با معطوف مبتدا الا حرف استثناب حرف جار اسم جلالت موصوف العلی صفت اول العظیم صفت ثانی۔ موصوف صفت مستثنیٰ مفرغ ہو کر ظرف مستقر ہوا موجودان شبہ فعل کا۔ شبہ فعل اپنے ھُمَا ضمیر نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۳) لا حَوْلٌ ولا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہ الْعَلِیِّ العَظِیْمِ:

لا مشابہ بلیس حَوْلٌ اس کا اسم اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ العَظِیْمِ مقدر اس میں اِلَّا حرف استثنا با حرف جار اسم جلالت موصوف الْعَلِیِّ صفت اول اَلْعَظِیْمُ صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر با کا مجرور۔ جار مجرور ملکر مستثنیٰ مفرغ ہو کر ظرف مستقر ہوا موجوداً مقدر کا شبہ فعل اپنے ھما ضمیر نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر لا مشبہ بلیس اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

لا برائے نفی جنس قوۃَ اس کا اسم الا حرف استثنا با حرف جار اسم جلالت موصوف العلی صفت اول العظیم صفت ثانی موصوف اپنی دونوں صفتوں سے ملکر با جار کا مجرور جار مجرور ملکر مستثنیٰ مفرغ ہو کر ظرف مستقر ہوا مَوْجُوْدَۃٌ مقدر کا، شبہ فعل اپنے ھی نائب الفاعل اور ظرف مستقر سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔

۱۲۔ لا رَفَثٌ وَلَا فُسُوْقٌ:

لا نفی جنس غیر عاملہ رَفَثٌ معطوف علیہ واو عاطفہ لا زائدہ فُسُوْقٌ معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مبتدا جس کی خبر موجودان محذوف ہے موجودان شبہ فعل اپنے ھما ضمیر نائب الفاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۱۳۔ لَافِی الْقَصِیْدَۃِ ھِجَاءٌ ولا مَدِیْحٌ: قصیدہ میں نہ ہجو ہے اور نہ مدح۔

لا نفی جنس غیر عاملہ فِیْ جار القصیدۃ مجرور۔ جار مجرور ملکر متعلق موجودان شبہ فعل مقدر کے موجودانِ شبہ فعل اپنے ھما ضمیر نائب الفاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہو کر

Marfat.com

خبر مقدم هِجَاءٌ معطوف علیہ واوٗ عاطفہ لانفی جنس غیر عاملہ مَدِیْحٌ معطوف، معطوف علیہ با معطوف مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم اور مبتدا مؤخر ملکر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔

۱۴۔ اشتریتُ الْحِصَانَ بِلَا سَرجٍ: میں نے بغیر زین کے گھوڑا خریدا۔

اشتریتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل الحصان مفعول بہ باحرف جار لانفی جنس غیر عاملہ سرجٍ مجرور، جار مجرور ملکر ظرف لغو فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ اور ظرف لغو سے ملکر جملہ فعلیہ خبر یہ۔

۱۵۔ لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ: نہ اس میں مضر صحت کوئی چیز ہے اور نہ وہ اس کے (پینے) سے مدہوش ہونگے۔

لا نفی جنس مُلغٰی عن العمل فی حرف جار ھا ضمیر مجرور جار مجرور ملکر متعلق ثابت شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم غَوْلٌ نکرہ مبتدا مؤخر، خبر مقدم و مبتدا مؤخر ملکر جملہ اسمیہ خبر یہ معطوف علیہ واوٗ عاطفہ لانفی جنس غیر عاملہ ھَم ضمیر مرفوع منفصل مبتدا عن حرف جار ھا ضمیر مجرور جار مجرور ملکر متعلق مابعد فعل کے یُنْزَفُوْنَ فعل مضارع مجہول واو جمع نائب الفاعل، فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبر یہ معطوفہ۔

۱۶۔ لا الْمُؤْمِنُوْنَ قَانِطُوْنَ: مومن مایوس ہونے والے نہیں ہیں۔

لا نفی جنس غیر عاملہ المومنون مبتدا قَانِطُوْن شبہ فعل اپنے ھُم ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ۔

Marfat.com

سبق نمبر 19 کی تراکیب

۱۔ رَأَیْتُ الصُّلْحَ خَیْراً: میں نے صلح کو اچھا یقین کیا۔

رَأَیْتُ فعل با فاعل الصُّلْحَ مفعول اول خَیْراً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ ظَنَنْتُ الْمَاءَ بَارِداً: میں نے پانی کو ٹھنڈا گمان کیا۔

ظَنَنْتُ فعل با فاعل اَلْمَاءَ مفعول بہ اوّل بَارِدًا مفعول ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ زَعَمْتُ الشَّیْطَانَ شُکُوْراً: میں نے شیطان کو شکر کرنے والا گمان کیا۔

زَعَمْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل الشَّیْطَانَ مفعول بہ اول شُکُوْرًا مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ اسمیہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ عَلِمْتُ الْجَوَّ مُعْتَدِلاً: میں نے فضا کو معتدل جانا۔

عَلِمْتُ فعل با فاعل الجَوَّ مفعول بہ اول معتدلاً مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ ظَنَنْتُ الشَّجَرَ مُثْمِراً: میں نے درخت کو پھلدار گمان کیا۔

ظَنَنْتُ فعل با فاعل الشَّجَر مفعول بہ اول مُثْمِراً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ عَلِمْتُ اللّٰہَ غَفُوْراً: میں نے اللہ تعالیٰ کو بخشنے والا یقین کیا۔

عَلِمْتُ فعل با فاعل اسم جلالت لفظ اللّٰہ مفعول بہ اول غَفُوْرًا مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ یَنْطِقُوْنَ: اور کہنے لگے کہ تم خوب جانتے ہو کہ یہ بولتے نہیں۔

Marfat.com

لام ابتدائیہ قَدْ تحقیقیہ مانافیہ هٰؤُلَاءِ مبتدا اینطقون فعل مضارع معروف اسمیں واوَ جمع ضمیر فاعل، جملہ فعلیہ ہوکر خبر عَلِمْتُ فعل بافاعل، مبتدا اور خبر ملکر عجملہ اسمیہ محلا منصوب کا مفعول جو کہ دو مفعولوں کے قائمقام ہوگا، فعل اپنے فاعل اور قائم مقام مفعولین سے ملکر جملہ فعلیہ۔

۸۔ ظَنَنْتُ لَزَيْدٌ قَائِمٌ:

ظَنَنْتُ فعل بافاعل لام ابتدائیہ زَيْدٌ مبتدا قَائِمٌ شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ محلا منصوب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ زَيْدٌ عَلِمْتُ فَاضِلٌ: میں نے زید کو فاضل جانا۔

زَيْدٌ مبتدا علمتُ فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ فاضلٌ خبر، مبتدا خبر جملہ اسمیہ۔

۱۰۔ اَلْجَوُّ مُعْتَدِلٌ عَلِمْتُ: فضا معتدل ہے میں نے جانا۔

الجَوُّ مبتدا معتدل شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ عَلِمْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ اَلْجَوَّ عَلِمْتُ مُعْتَدِلًا: میں نے جان لیا کہ فضا معتدل ہے۔

اَلْجَوَّ مفعول بہ اول مقدم عَلِمْتُ فعل بافاعل مُعْتَدِلًا مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ اَلْجَوَّ مُعْتَدِلًا عَلِمْتُ:

اَلْجَوَّ مفعول بہ اول مُعْتَدِلًا مفعول بہ ثانی۔ عَلِمْتُ فعل بافاعل، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ وَجَدْتُ الضَّالَّةَ: میں نے گمشدہ چیز کو پالیا۔

وَجَدْتُ فعل ماضی معروف بمعنی أَصَبْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر فاعل الضَّالَّةَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔ عَلِمْتُ زَیْداً: میں نے زید کو پہچان لیا۔

عَلِمْتُ بمعنی عرفْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر فاعل زیداً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ رأیْتُ جبلاً: میں نے پہاڑ کو دیکھا۔

رأیْتُ فعل بمعنی أبْصَرْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر فاعل جبلاً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ جَعَلَ اللہُ الارضَ فِرَاشاً: اللہ نے زمین کو بچھونا بنایا۔

جعل فعل تصییر واحد مذکر غائب اسم جلالت فاعل الارض مفعول بہ اول فراشاً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ اتَّخَذَ اللہُ اِبْرٰھِیْمَ خَلِیْلًا: اللہ تعالی نے ابراہیم کو دوست بنایا۔

اِتّخَذ فعل تصییر اسم جلالت فاعل ابراھیم مفعول بہ اوّل خلیلاً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۸۔ صَیَّرتُ الطینَ خَزَفاً: میں نے مٹی کو ٹھیکری کر دیا یا بنایا۔

صَیَّرتُ فعل تصییر فعل با فاعل الطین مفعول بہ اول خزفاً مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۹۔ ترکتُ الرَّجُلَ حیراناً: میں نے آدمی کو حیران کر دیا۔

ترکتُ فعل تصییر واحد متکلم تُ ضمیر فاعل الرجل مفعول بہ اول حیراناً مفعول بہ ثانی فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۰۔ خلق اللہ الارضِ واسعةً: اللہ تعالی نے زمین کو وسیع بنایا۔

خلق فعل تصییر ماضی معروف واحد مذکر غائب اسم جلالت فاعل الارض مفعول بہ اول واسعةً مفعول بہ ثانی۔ فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۱۔ اِنَّ عَمَلَکَ مُتْقَنٌ: بے شک آپ کا کام پختہ ہے۔

اِنَّ حرف از حروف مشبہ بالفعل عمل مضاف ک مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف

Marfat.com

الیہ اسم مُتْقَنٌ شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھو ضمیر نائب الفاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۲۔ اِنْ عَمَلُکَ لَمُتْقَنٌ: بے شک آپ کا کام پختہ ہے۔

اِنْ مکسورہ مخففہ عن مثقلہ مشبہ بالفعل عمل مضاف ک مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مبتدا لام فارقہ مُتْقَنٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر اِنْ مکسورہ مخففہ اپنے مبتدا اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۳۔ بلغني ان لم يُقْبَضْ على اللصّ: مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ چور گرفتار نہیں کیا گیا۔

بلغ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب نون وقایہ ی ضمیر مفعول بہ اَنْ مخففہ ہٗ ضمیر شان مقدر اس کا اسم لَمْ جازمہ يُقْبَضْ فعل مضارع مجہول عَلَى اللصِّ جار مجرور نائب الفاعل فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر اَنْ مخففہ کی خبر۔ اَنْ مخففہ اپنے اسم اور خبر سے ملکر بلغ کا فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ

۲۴۔ الشمسُ طالِعَةٌ لكِنِ المطر نَازِلٌ: سورج طلوع ہے لیکن بارش ہو رہی ہے۔

الشمسُ مبتدا طَالِعَةٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ لكن مخففہ غیر عاملہ المطر مبتدا نازلٌ خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

سبق نمبر 20 کی تراکیب

۱۔ جلس التِّلْمِیْذُ: طالبعلم بیٹھا۔

جَلَسَ فعل التِّلْمِیْذُ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ ثَارَ الغبارُ: غبار اڑا۔

ثَارَ فعل الغبار فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ اکل الثعلبُ دجاجةً: لومڑی نے مرغی کھائی۔

اکل فعل الثعلبُ فاعل دجاجةً مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ طویٰ الخادمُ الثوبَ: خادم نے کپڑے کو لپیٹا۔

طوی فعل الخادم فاعل الثوب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ اعطیتُ السائلَ خبزًا: میں نے سائل کو روٹی دی۔

اعطیتُ فعل با فاعل السائل مفعول اول خبزاً مفعول بہ الثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ اعلمتُ علیاً الکتاب مفیداً: میں نے علی کو بتایا کہ کتاب مفید ہے۔

اعلمت فعل با فاعل علیًا مفعول بہ اول الکتاب مفعول ثانی مفیدًا مفعول ثالث فعل اپنے فاعل اور تینوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ اری اللهُ المومنَ الْجَنَةَ مثواہ: اللہ تعالی نے مومن کو جنت اسکا ٹھکانا دکھایا۔

اَرَی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اسم جلالت فاعل المومِنَ مفعول بہ اول اَلْجَنَّةَ مفعول بہ ثانی مثوی مضاف ہٗ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ثالث،

فعل اپنے فاعل اور تینوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ شُرِبَ المَاءُ: پانی پیا گیا۔

شُرِبَ فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب المَاءُ اسکا نائب الفاعل، فعل اپنے نائب الفاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ: انکے اعمال ضائع ہو گئے۔

حَبِطَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اعْمَالُ مضاف هم ضمیر مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ اَخَذَالتِّلْمِيْذُالجائزَةَ: شاگرد نے انعام لیا، حاصل کیا۔

اَخَذَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التِّلْمِيْذُ اسکا فاعل، الجائزة مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ شَبِعَ الْطِّفْلُ: بچہ سیر ہوا۔

شبعَ فعل ماضی معروف واحد مذکر الطفلُ اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ نَهَضَ المصلی من السجدة: نمازی سجدہ سے اٹھا۔

نَهَضَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب المصلی اسکا فاعل مِنْ حرف جار السجدة مجرور جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل ومتعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ طَلَعَتِ الشَّمْسُ: سورج طلوع ہوا۔

طلعت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الشمس فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔ قَصَدَالطِّفْلُ اُمَّهٗ: بچے نے اپنی ماں کا قصد کیا۔

قَصَدَ ماضی معروف واحد مذکر غائب الطِّفْلُ فاعل اُمَّ مضاف هٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ خَمِدَتِ النَّارُ: آگ بجھ چکی۔

خَمِدَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب النَّارُ اسکا فاعل فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ أَنْبَأَنِی الرَّسُوْلُ الْأَمِیْرَ قَادِماً: مجھے قاصد نے بتایا کہ امیر آنیوالا ہے۔

أَنْبَأَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ن وقایہ ی ضمیر مفعول الرسول فاعل الامیر مفعول بہ اول قادِماً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ یسقی الطَّبِیْبُ المریض دواءً: ڈاکٹر مریض کو دوائی پلاتا ہے۔

یسقی فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب الطَّبِیْبُ فاعل المریضَ مفعول بہ اول دواءً مفعول بہ ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

سبق نمبر 21 کی تراکیب

۱۔ لَمَعَ الْبَرْقُ: بجلی چمکی۔

لمع فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب البرق اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ یسقطُ الثَّلْجُ: برف گرتی ہے۔

یسقطُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب الثَّلْجُ اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ وَقَفَ الثورُ: بیل کھڑا ہوا۔

وَقَفَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الثَّوْرُ اسکا فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ الرَّجُلُ قَائِمٌ ابنُهٗ: مرد اسکا بیٹا کھڑا ہے۔

الرَّجُلُ مبتدا قَائِمٌ شبہ فعل اسم فاعل واحد مذکر ابن مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ شبہ فعل کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ طَارَ الْعُصْفُوْرُ: چڑیا اڑ گئی۔

طَارَ فعل اَلْعُصْفُوْرُ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ اَکَلَ التلمِیْذُ خُبْزًا: شاگرد نے روٹی کھائی۔

اکل فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التِّلْمِیْذُ اسکا فاعل خُبْزًا مفعول بہ، فعل با فاعل با مفعول جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ قذف الطفل الکرۃ: بچے نے گیند پھینکی۔

Marfat.com

قَذَفَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلطِّفْلُ فاعل اَلْکُرَۃَ مفعول بہ۔ فعل با فاعل با مفعول جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ لَعِبَتْ فَاطِمَۃُ: فاطمہ کھیلی۔

لَعِبَتْ فعل فاطمۃ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ لعب الطفلانِ: دو بچے کھیلے۔

لعب فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الطفلانِ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ لَعِبَتِ الْبِنْتَانِ: دو بچیاں کھیلیں۔

لعبت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب البنتانِ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ فاطمۃُ لَعِبَتْ: فاطمہ کھیلی۔

فاطمۃُ مبتدا لعبت فعل اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۲۔ الطفلانِ لَعِبَا: دو بچے کھیلے۔

الطفلانِ مبتدا لَعِبَا فعل اس میں الف تثنیہ فاعل فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۳۔ اَلْاَطْفَالُ لَعِبُوْا: بچے کھیلے۔

الاطفال مبتدا لعبوا فعل ماضی معروف جمع مذکر غائب اس میں واو جمع فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر خبر مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۴۔ البنتانِ لعبتا: دو بچیاں کھیلیں۔

البنتان مبتدا لعبتا فعل ماضی معروف تثنیہ مونث غائب اس میں الف تثنیہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۷۔ البناتُ لَعِبْنَ: بچیاں کھیلیں۔

Marfat.com

البنات مبتدا لعبن فعل ماضی معروف جمع مونث غائب اس میں نون نسوہ فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۸۔ حَازتْ لیلیٰ جائزةً:

حَازتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب لیلیٰ فاعل جائزةً مفعول بہ، فعل با فاعل بامفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۹۔ الشَّمْسُ طَلَعَتْ: سورج طلوع ہوا۔

الشَّمْسُ مبتدا طَلَعَتْ فعل اس میں ھی فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۰۔ حضرت الیوم فَاطِمَةُ: آج فاطمہ آئی۔

حَضَرَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الیوم مفعول فیہ فاطمة فاعل، فعل با فاعل ومفعول فیہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۱۔ جاء ت الرجالُ: مرد آئے۔

جَاءَ تْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الرجال فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۲۔ ذَهَبَتِ الایامُ: دن گزر گئے۔

ذهبت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الایام فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۳۔ الایامُ ذَهَبَتْ: دن گزر گئے۔

اَلْأَیَّامُ مبتدا ذهبت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل، فعل بافاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۴۔ الایامُ ذهبن: دن گزر گئے۔

اَلْأَیَّامُ مبتدا ذهبن فعل ماضی معروف جمع مونث غائب اس میں نون نسوہ فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۵۔الرِّجَالُ ذَهَبُوْا: مرد گئے۔

الرجال مبتدا ذهبوا فعل ماضی معروف جمع مذکر غائب اس میں واو جمع فاعل، فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۶۔اکل خبزاً زَیْدٌ: زید نے روٹی کھائی۔

اکل فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب خبزاً مفعول بہ زَیْدٌ فاعل، فعل با فاعل با مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۷۔ضَرَبَ موسیٰ عیسیٰ: موسی نے عیسی کو مارا۔

ضرب فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب موسی اسم مقصور اس کا فاعل عیسی اسم مقصور اس کا مفعول بہ، فعل با فاعل با مفعول جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۸۔اکل الکمثری یحییٰ: یحییٰ نے امرود کھایا۔

اَکَلَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلْکُمَثْرٰی مفعول بہ یحییٰ فاعل، فعل با فاعل با مفعول جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۹۔حفظتُ درسی: میں نے اپنا سبق یاد کیا۔

حَفِظْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل درس مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۰۔ما حفظ التلمیذُ الاّ درساً: طالب علم نے یاد نہیں کیا مگر ایک سبق۔

ما نافیہ حَفِظَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التلمیذُ اسکا فاعل اِلاّ حرف استثنا درساً مستثنیٰ مفرغ مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۱۔مَنْ عَلَّمَکَ؟: تجھے کس نے سکھایا۔

من استفہامیہ مبتدا عَلَّمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ھو ضمیر مستتر فاعل ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

Marfat.com

۳۲۔ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ: اور اگر مشرکین میں سے کوئی آپ سے پناہ طلب کرے تو آپ اسے پناہ دے دیں۔

واوٗ عاطفہ ان حرف شرط جازمہ استجارک فعل محذوف واحد مذکر غائب جس میں ک ضمیر مفعول بہ اَحَدٌ موصوف من المشرکین جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے شبہ عل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صف موصوف صفت مل کر فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر مفسر اِستجار فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ سے مل کر تفسیر۔ مفسر و تفسیر مل کر شرط ف حرف رابطہ برائے جواب شرط، أجِرْ فعل اسم میں انت ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ، فعل فاعل و مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاہ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

۳۳۔ أَحَفِظْتَ درساً؟ کیا تو نے سبق یاد کیا؟

أحرف استفہام لا محل لها من الاعراب حفظت فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل درساً مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۴۔ اَلرِّجَالُ أُخِذُوْا: مرد پکڑ لیے گئے۔

الرجال مبتدا اخذوا فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب اس میں واو جمع ضمیر مرفوع متصل نائب الفاعل فعل اپنے نائب الفاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر خبر مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۳۵۔ وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ: اور ہم نے فرمانبردار بنا دیا داود کا پہاڑوں اور پرندوں کو وہ سب ان کے ساتھ مل کر تسبیح کیا کرتے۔

واوٗ عاطفہ سخرنا فعل ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر فاعل مَعَ مضاف دَاوٗدَ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ الجبال مفعول بہ فعل اپنے فاعل مفعول فیہ و مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔ يُسَبِّحْنَ فعل مضارع معروف جمع مونث غائب اس میں نون نسوہ فاعل واو معیت الطیر مفعول معہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول معہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ترکیب نمبر 2: واوٗ عاطفہ سخرنا فعل ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر فاعل مع مضاف

دَاوٗدَ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ۔ الجبال معطوف علیہ واوَ عاطفہ الطیر معطوف معطوف علیہ مل کر ذوالحال۔ یُسَبِّحْنَ فعل مضارع معروف جمع مونث غائب اس میں نون نسوہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر حال۔ حال ذوالحال مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول فیہ ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ (تفسیر مظہری)۔

۳۶۔ لَا یَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَ تَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ: نہ غمناک کرے گی انہیں وہ بڑی گھبراہٹ اور فرشتے ان کا استقبال کریں گے۔

لا نافیہ یحزن فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب هم ضمیر مفعول بہ الفزع موصوف الاکبر شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف با صفت فاعل فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوف علیہ واو عاطفہ تَتَلَقّٰی فعل مضارع معروف واحد مونث غائب هم ضمیر مفعول بہ الملٰئِکَةُ فاعل، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ۔

۳۷۔ حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ یَاْجُوْجُ وَ مَاْجُوْجُ وَ هُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ یَّنْسِلُوْنَ: یہاں تک کہ جب کھول دیے جائیں گے یاجوج ماجوج اور وہ ہر بلندی سے بڑی تیزی کے ساتھ نیچے اترنے لگیں گے۔

حتی ابتدائیہ اذا ظرفیہ مفعول فیہ مقدم فتحت فعل ماضی مجہول واحد مونث غائب یا جوج معطوف علیہ واو عاطفہ ماجوج معطوف، معطوف علیہ با معطوف ذوالحال واو حالیہ هُمْ مبتدا من حرف جار کلّ مضاف حدب مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ ملکر جار کا مجرور جار مجرور ملکر متعلق مابعد فعل کے ینسلون فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب اس میں واو جمع فاعل فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ ہوکر حال، حال ذوالحال ملکر نائب الفاعل، فعل اپنے نائب الفاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۸۔ وَ قَالَ نِسْوَةٌ فِی الْمَدِیْنَةِ: کہنے لگیں عورتیں شہر میں۔

واوَ مستانفہ قال فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب نِسْوَةٌ اس کا فاعل فی جار المدینة

مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۹۔قال فی المدینة نِسْوَةٌ: کہنے لگیں عورتیں شہر میں۔

قال فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب فی جار المدینة مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔نِسْوَةٌ اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ترکیب 2: اس نے کہا کہ شہر میں عورتیں ہیں۔قال فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فی جارہ اَلْمَدِیْنَةِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتَةٌ شبہ فعل کے۔شبہ فعل اپنے ھِیَ ضمیر فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم۔نِسْوَةٌ مبتدا مؤخر۔خبر مقدم اور مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ محلاً منصوب مفعول بہ (مقولہ)۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ (مقولہ) سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

نوٹ: فعل مذکر اس لیے آیا ہے کیونکہ نِسْوَةٌ جمع مکسر ہے۔

۴۰۔سافر الیومَ فاطمةُ: فاطمہ نے آج سفر کیا۔

سافر فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الیومَ مفعول فیہ۔ فاطمةُ فاعل۔فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۱۔وذھبتْ الی مَکَّةَ و عادت الی دارھا بَعْدَ ایّامٍ: اور وہ مکہ گئی اور چند دنوں کے بعد اپنے گھر لوٹ آئی۔

واؤ عاطفہ ذھبت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اس میں ھِیَ ضمیر مستتر فاعل الی جارہ مَکَّة مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو۔فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ واؤ عاطفہ عادت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اس میں ھِیَ ضمیر مستتر فاعل الی حرف جار دَارِ مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ الی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ بعد مضاف ایامٍ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل مفعول فیہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۲۔فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ: پس جس کے پاس آ گئی نصیحت اپنے رب کی طرف سے۔

Marfat.com

ف مستانفہ مَنْ شرطیہ مبتدا جَاءَ فعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مَوْعِظَةٌ موصوف مِنْ حرف جار رب مضاف ہٖ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف اور مضاف الیہ مل کر من کا مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتَةٌ شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر صفت۔ موصوف صفت مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ۔

۴۳۔ وَجَعَلَ الْمُوْسِرُوْنَ يَنْثُرُوْنَ الذَّهَبَ وَالفِضَّةَ عَلَى المساكين: امراء نے سونا اور چاندی کو مساکین پر بکھیرنا شروع کر دیا۔

واوٗ عاطفہ جعل فعل شروع الامراء اس کا اسم ینثرون فعل مضارع معروف جمع مذکر غائب اس میں واوٗ جمع فاعل الذهب معطوف علیہ واوٗ عاطفہ الفضة معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ۔ علی حرف جار المساکین مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ جعل اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

سبق نمبر 22 کی تراکیب

حَفِظْتُ الدَّرْسَ: میں نے سبق یاد کیا۔

حفظت فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر اس کا فاعل الدرس مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

شَدَّالتِّلْمِیْذُ الحَبْلَ: طالب علم نے رسی باندھی۔

شد فعل التلمیذ فاعل الحبل مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

الدَّرْسَ حَفِظْتُ:

الدَّرْسَ مفعول بہ مقدم ہے باقی ترکیب پہلی مثال کی طرح ہے۔

۱۔ مزّق الغلامُ الورقَ: بچے نے ورق پھاڑا۔

مزق فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الغلامُ فاعل الورق مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ رمی الشبکة الصَّیَّادُ: شکاری نے جال پھینکا۔

رمی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الشبکۃ مفعول بہ الصَّیَّادُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ صنع النّجارُ کرسِیًّا: بڑھئی نے کرسی بنائی۔

صنع فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب النجار فاعل کُرْسِیًّا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ اَبْصَرَالرجلُ الهِلالَ: خاص مرد نے چاند دیکھا۔

اَبْصَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الرجل فاعل الهلال مفعول بہ، فعل اپنے

Marfat.com

فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۵۔ قطع الولدُ الغصنَ: بچے نے ٹہنی کاٹی۔

قطع فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الولدُ فاعل الغصنَ مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ الفُوْلَ أَكَلَ الحمارُ: لوبیا گدھے نے کھایا۔

الفول مفعول بہ مقدم اکل فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الحمارُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ شَدَّالتِلْمِيْذُ الحَبْلَ: شاگرد نے رسی باندھی۔

شدّ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب التلمیذ فاعل الحبل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ الدرسَ حفظتُ: سبق میں نے یاد کیا۔

الدرس مفعول بہ مقدم حفظتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل۔

۹۔ قطع الحبلَ الولدُ: بچے نے رسی کاٹی:

قطع فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الحبل مفعول بہ الولدُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ اکرم الاستاذَ تلمیذُہٗ: استاد کی اس کے شاگرد نے عزت کی۔

اکرم فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الاستاذ مفعول بہ تلمیذُہٗ مضاف مضاف الیہ ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ اکرمنی الامیرُ: امیر نے میری عزت کی۔

اکرم فعل نون وقایہ ی ضمیر مفعول بہ الامیرُ فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

۱۲۔ مَنْ اخذتَ: تو نے کس کو پکڑا؟

مَنْ مفعول بہ مقدم اَخَذْتَ فعل با فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۳۔ کم کتاباً قرأتَ: تو نے کتنی کتابیں پڑھی ہیں؟

کم استفہامیہ ممیّز کتابا تمییز ممیّز تمییز ملکر مفعول بہ مقدم قرأت فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب تَ ضمیر فاعل، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

سبق نمبر 23 کی تراکیب

۱۔ یا خلیلُ: اے خلیل۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل خلیلُ منادی مفعول بہ لفظًا مرفوع محلًا منصوب، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۔ اَیَا عَبْدَاللّٰہِ: اے عبداللہ (اللہ کے بندے)۔

ایا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل کے ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل۔ عبداللہ مضاف مضاف الیہ ملکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۔ یا زَیْدُ: اے زید۔

اس کی ترکیب یا خلیلُ کی طرح ہے۔

۴۔ یا رَسُوْلَ اللّٰہ: اے اللہ کے رسول۔

اس کی ترکیب یا عبداللہ کی طرح ہے۔

۵۔ یا راکبًا فرسًا: اے گھوڑسوار۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل راکبًا شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل فرسًا مفعول بہ، شبہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر شبہ جملہ ہوکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۶۔ یا مسافرًا الی لبنان: اے لبنان کی طرف سفر کرنے والے۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں اَنَا ضمیر

وجوبًا مستتر فاعل۔مسافراً شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل الی حرف جار لبنانَ مجرور جار مجرور متعلق شبہ فعل کے،شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر منادی مفعول بہ،فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۷۔ یا مسرعاً فی العجلةِ النَّدَامَةُ:اے جلدی کرنے والے جلدی میں شرمندگی ہے۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل مسرعاً شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھو مستتر فاعل،شبہ فعل اپنے فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر منادی مفعول بہ،فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندافی حرف جار العجلةِ مجرور جار مجرور ملکر متعلق ثَابِتَةٌ شبہ فعل مقدر کے،شبہ فعل اپنے ھِیَ ضمیر مستتر فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہوکر خبر مقدم الندامةُ مبتدا مؤخر۔خبر مقدم اور مبتدا مؤخر ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر جواب ندا۔

۸۔ یا عُمَرَ ابْنَ الخَطَّابِ:اے عمر بن خطاب۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل عمر موصوف ابن مضاف الخطاب مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر صفت موصوف اور صفت ملکر منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۹۔ یَاَیُّھَاالْاِنْسَانُ مَاغَرَّکَ:اے انسان کس چیز نے تجھے دھوکے میں رکھا۔

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس مین اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ایّ وصلیہ اسم مبہم مبدل منہ ھا برائے تنبیہ الانسانُ بدل۔بدل اور مبدل منہ ملکر منادی مفعول بہ،فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ما استفہامیہ مبتدا غرَّ فعل ماضی معروف واحد غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل کَ ضمیر مفعول بہ،فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر،مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

Marfat.com

۱۰۔ یَاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ: اے نفس مطمئنہ۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر مستتر فاعل اَیَّةُ مبدل منہ ھا برائے تنبیہ النَّفْسُ موصوف اَلْمُطْمَئِنَّةُ شبہ فعل اپنے ھِیَ ضمیر مستتر فاعل سے ملکر شبہ جملہ ہوکر صفت، موصوف صفت ملکر بدل، مبدل منہ اور بدل ملکر منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۱۔ یَا اَللّٰهُ: اے اللہ۔

اس کی ترکیب یا زَیْدُ کی طرح ہے۔

۱۲۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ: اے اللہ مجھے بخش دے۔

اللھم اصل میں یا اللہ تھا یا حرف ندا قائم مقام ادعو کے ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل لفظ اللّٰہ اسم جلالت لفظاً مرفوع محلاً منصوب منادی مفعول بہ فعل فاعل مفعول بہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا، اغفر فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر وجوباً مستتر فاعل لام جارہ ی ضمیر مجرور جار مجرور متعلق فعل کے فعل فاعل متعلق فعلیہ جملہ انشائیہ ہوکر جواب ندا۔

۱۱۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ: اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اصل میں یا اللہ تھا یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر مستتر فاعل لفظ اللّٰہ اسم جلالت منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اس کا اسم اَعُوْذُ فعل مضارع واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوباً مستتر فاعل ب حرف جار ک مجرور جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر خبر اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

۱۲۔ یَا غُلَامِیْ: اے میرے غلام۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا

Marfat.com

ضمیر وجوبًا مستتر فاعل غُلَا مِیُ مضاف مضاف الیہ ملکر منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۳۔یا غُلَامِیَ :اے میرے غلام۔

اصل میں یا غلامِ ہے اس کی ترکیب پچھلی ترکیب کی طرح ہے۔

۱۴۔یَا غُلَامِ:اے میرے غلام۔

اصل میں یا غلامِی ہے مذکورہ ترکیب کی طرح ترکیب ہوگی۔

۱۵۔یَا أَبَتِ:اے میرے باپ۔اصل میں یَا أَبِیُ ہے۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اس میں أنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اَبَتِ اصل میں أَبِیُ تھا اَبٌ مضاف ی مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ ملکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

۱۶۔ یا أمَتِ:اے میری ماں۔اصل میں یَا اُمِّیُ ہے۔

ترکیب اسی طرح ہوگی جیسے سابقہ تھی۔

۱۷۔یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا:اے یوسف پاک باز اس بات کو جانے دو۔

اصل میں یَایُوسُفُ تھا۔یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل یُوْسُفُ منادی مفعول بہ لفظًا مرفوع محلا منصوب، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا اَعْرِضْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں أَنْتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل عن جار هذا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۸۔السَّلامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ:اے نبی تم پر سلام ہو۔

السَّلام مبتدا عَلَی حرف جار ک ضمیر مجرور جار مجرور متعلق نَازِلٌ شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتدا خبر ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر جواب ندا مقدم۔ اَیُّهَاالنَّبِیُّ اصل میں یَا اَیُّهَا النَّبِیُّ تھا یا حرف ندا محذوف قائم مقام

Marfat.com

اَدْعُوْ فعل کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ایّ وصلیہ اسم مبہم موصوف ھا برائے تنبیہ النّبی شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف صفت ملکر منادی مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا موَخر، نداو جواب ندا ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۹۔ یَا عَبَّا: اے عباس۔ اصل میں یَا عَبَّاسُ تھا۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اَدْعُوْ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل، عَبَّا منادی مُرخَّم مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور منادی مُرخَّم سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۰۔ یَا حَارِ: یا حارث۔ اصل میں یَا حَارِثُ تھا۔

اس کی ترکیب مذکورہ کی طرح ہے۔

۲۱۔ یَا جَعْفَ: اے جعفر۔ اصل میں یَا جَعْفَرُ ہے۔

اس کی ترکیب مذکورہ کی طرح ہے۔

۲۳۔ یَا لَلْاَمِیْرِ لِلْفَقِیْرِ: اے امیر! میں فقیر کے لیے مدد طلب کرتا ہوں۔ میں امیر آدمی سے فقیر کے لیے امداد مانگتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل لام استغاثہ زائدہ مبنی برفتحہ اَلْاَمِیْرِ منادی مُستغاث لفظًا مجرور محلًا منصوب ہو کر مفعول بہ۔ لام حرف جار الفقیر مُستغاث لاجلہ مجرور، جار مجرور ملکر متعلق اَسْتَغِیْثُ فعل کے، فعل اپنے اَنا ضمیر فاعل اور مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ (المنہاج)

۲۴۔ یَا لَلْجَوَادِ لِلْمِسْکِیْنِ: اے سخی میں مسکین کے لیے مدد طلب کرتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام أَسْتَغِیْثُ فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اسمیں أنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل لام استغاثہ زائدہ الجوَادِ لفظًا مجرور محلًا منصوب منادی مُستغاث بہ ہو کر مفعول بہ، لام حرف جار لِلْمِسْکِیْنِ مُستغاث لاجلہ مجرور، جار مجرور ملکر متعلق اَسْتَغِیْثُ فعل

کے فعل اپنے أَنَا ضمیر فاعل ومفعول بہ ومتعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۵۔یَا لَلْکِرَامِ وَ لِلْمُحْسِنِیْنَ لِضُّعَفَآءِ: میں کریم اور محسن آدمیوں سے ضعیفوں کے لیے امداد چاہتا ہوں۔اے کریم اور احسان کرنیوالے میں کمزوروں کے لیے مدد طلب کرتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اسمیں أنا ضمیر وجوباً مستتر فاعل لام استغاثہ زائدہ جارہ الکرام مجرور جار مجرور ملکر معطوف علیہ واو عاطفہ لام استغاثہ زائدہ جارہ اَلْمُحْسِنِیْنَ مجرور جار مجرور ملکر معطوف معطوف علیہ با معطوف لفظاً مجرور محلا منصوب مفعول بہ للضُّعَفَآءِ مُستغاث لاجلہ مجرور جار مجرور ملکر متعلق فعل کے، فعل اَسْتَغِیْثُ اپنے اَنا ضمیر فاعل مفعول بہ ومتعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔(شرح ابن عقیل۔المنہاج)

۲۶۔یَا مُحَمَّدَا: اے محمد صل اللہ علیک وسلم میں مدد طلب کرتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل لفظ محمد منادی مستغاث بہ ہوکر مفعول بہ الف استغاثہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۷۔یَا قَوْمَا: اے قوم میں مدد طلب کرتا ہوں۔

اس کی ترکیب مذکورہ ترکیب کی طرح ہے۔

۲۸۔یَا عَلِیُّ: میں علی سے مدد مانگتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام استغیثُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل علیٌّ لفظاً مرفوع محلا منصوب مستغاث بہ ہوکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۹۔یَا اَھْلَ الْجُوْدِ: اے سخاوت کرنے والے میں مدد مانگتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبا مستتر فاعل اھل الجود مضاف مضاف الیہ ملکر منادی مستغاث ہوکر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

۳۰۔یا لَرَجُلِ الْمُرُوَّةِ لِلْبَائِسِ: میں مدد مانگتا ہوں مروت والے آدمی سے مصیبت زدہ آدمی کے لیے۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل لام استغاثہ زائدہ رجل مضاف المروۃ مضاف الیہ۔مضاف با مضاف الیہ لفظاً مجرور محلا منصوب مستغاث بہ ہوکر مفعول بہ،لام جارہ البائس مستغاث لاجلہ مجرور، جار مجرور متعلق اَسْتَغِیْثُ فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۱۔یا لِلْحُکَّامِ مِنَ الْغَلَاءِ: میں حکام سے مہنگائی کے لیے امداد چاہتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم مقام اَسْتَغِیْثُ فعل کے، اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل، لام استغاثہ جارہ زائدہ الحکَّام لفظاً مجرور محلا منصوب منادی مستغاث بہ ہوکر مفعول بہ، مِنْ حرف جار الغَلَاءِ مستغاث لاجلہ مجرور، جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۲۔وَارَجُلُ: ہائے مرد۔

واوَ حرف ندا قائم مقام اَنْدُبُ فعل کے اس میں اَنا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل رَجُلُ لفظاً مرفوع محلا منصوب مندوب مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۳۔یَا مُثِیْرَ الْحَرْبِ: ہائے جنگ برپا کرنے والے۔

یا حرف ندا قائم مقام اَتَوَجَّعُ فعل کے اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل مُثِیْرَ الْحَرْبِ مضاف ومضاف الیہ ملکر مفعول بہ مندوب، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۴۔واحُسَیْنُ: ہائے حسین۔

اس کی ترکیب وَارَجُلُ کی طرح ہے۔

۳۵۔ وَاغُلَامَ الرَّجُلَ: ہائے مرد کے غلام۔

اس کی ترکیب یا مثیر الحرب کی طرح ہے۔

۳۶۔وَاحُسَیْنَا: ہائے حسین۔

واوقائم مقام اَنْدُبُ فعل کے اس میں أنا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل حُسَیْنُ مفعول بہ الف برائے ندبہ سے ملکر فعل اپنے فاعل ومفعول بہ جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۷۔واحُسَیْنَاہُ: ہائے حسین۔

اس کے آخر میں ہ برائے وقف ہے اسی طرح مُصِیْبَتَاہُ (ہائے مُصیبت) یَا کَبِدَاہُ (ہائے جگر) ان کے آخر میں بھی ہ برائے وقف ہے اور الف ندبہ ہے ترکیب مذکورہ کی طرح ہے۔

۳۸۔یَارِجَالُ اَتْقِنُوْا اَعْمَالَکُمْ: اے مردو اپنے کام کو پختہ کرو۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل اس میں اَنَا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل رِجَالُ لفظًا مرفوع محلا منصوب منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا اَتْقِنُوْا فعل امر حاضر معروف جمع مذکر اس میں واو جمع ضمیر متصل فاعل اَعْمَالَکُمْ مضاف مضاف الیہ ملکر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر جواب ندا۔ (بحوالہ البشیر)

فَرَّ فعل ماضی معروف الجنود ذوالحال لا نافیہ یکون فعل از افعال ناقصہ ھو ضمیر مستتر اس کا اسم قائداً خبر فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال۔ حال ذوالحال مل کر فَرَّ کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ اسی طرح لیس فعل ناقص ھو ضمیر مستتر اس کا اسم قائداً خبر فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔

۱۳۔ جاء نی الفوج عداً او خلا جندیاً: میرے پاس فوج آئی سوائے ایک سپاہی کے۔

جاء فعل ماضی معروف ن وقایہ ی ضمیر مفعول بہ الفوج ذوالحال عدا یا خلا فعل ماضی معروف مذکر غائب ھو ضمیر مستتر اس میں فاعل جندیاً مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ حال ذوالحال مل کر جاء کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔ ماانْمَرَتِ الاشجارُ الاشجرۃَ: درخت پھلدار نہیں ہوئے مگر ایک۔

ما نافیہ اَثْمَرَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الاشجار مستثنیٰ منہ الاحرف

Marfat.com

استثناء شجرۃً مستثنیٰ۔ مستثنیٰ مستثنیٰ منہ مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔
نوٹ: شَجَرَۃٌ کی صورت میں الاشجارُ مبدل منہ اور شجرۃ بدل بن جائے گا۔ مبدل منہ و بدل مل کر فاعل۔

۱۵۔ ماسَلَّمْتُ علی القادمین اِلَّاالْاَوَّلِ:

ما نافیہ سَلَّمْتُ فعل بافاعل علی جارہ القادمین مستثنیٰ منہ الاحرف استثناء اَلْاَوَّل مستثنیٰ۔ مستثنیٰ مستثنیٰ منہ مل کر علیٰ کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ لایھلک الاالْفَاسِقُ: فاسق ہی ہلاک ہوگا۔

لا نافیہ یَھْلِکُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اِلَّا حرف استثناء الفاسق فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ ما صَحِبْتُ الَّا الْاَخْیَارَ:

ما نافیہ صَحِبْتُ فعل بافاعل الَّا حرف استثناء مُلغٰی اَلْاَخْیَارَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۸۔ لاتُسودُ الاقوامُ الابالاخلاق: قومیں اخلاق سے ہی سردار بنتی ہیں۔

لا نافیہ تُسُوْدُ فعل مضارع معروف واحد مونث غائب الاقوامُ فاعل الا حرف استثناء لغو بالاخلاق جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ نافیہ۔

۱۹۔ صَامَ الْغُلَامُ رَمَضَانَ غَیْرَ یَوْمٍ او سِوٰی یَوْمٍ: غلام نے رمضان کے روزے رکھے سوائے ایک دن کے۔

صَامَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اَلْغُلَامُ فاعل رَمَضَانَ مستثنیٰ منہ غَیْرَ مضاف یَوْمٍ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مستثنیٰ، مستثنیٰ مستثنیٰ منہ مل کر مفعول فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ صَامَ فعل اَلْغُلَامُ فاعل رَمَضَانَ مستثنیٰ منہ سوی مضاف یوم مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مستثنیٰ مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے مل

Marfat.com

کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۰۔ مَاعَادَالمَرِیْضَ عَائِدٌ غَیْرَ سعیدٍ اوسِوَی سَعِیْدٍ: کسی عیادت کرنے والے نے مریض کی عیادت نہیں کی سوائے سعید کے۔

ما نافیہ عَادَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب المَرِیْضَ مفعول بہ عَائِدٌ مستثنیٰ منہ غَیْرَ مضاف سَعِیْدٍ مضاف الیہ مضاف بامضاف الیہ مستثنیٰ۔ مستثنیٰ و مستثنیٰ منہ مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ سِوَی سَعِیْدٍ بھی مضاف بامضاف الیہ مستثنیٰ بنے گا۔

۲۱۔ لَوْ کَانَ فِیْھِمَآ اٰلِھَۃٌ اِلَّااللّٰہُ لَفَسَدَتَا: اگر ہوتے ان میں (زمین وآسمان میں) کوئی اور خدا اللہ کے علاوہ ہوتے تو (زمین وآسمان) دونوں برباد ہو جاتے۔

لَوْ شرطیہ کَانَ فعل از افعال ناقصہ فِیْھِمَا۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابِتَۃٌ شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر اٰلِھَۃٌ موصوف اِلَّا بمعنی غیر مضاف لفظ اللّٰہ اسم جلالت لفظاً مرفوع محلاً مجرور مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ صفت۔ موصوف صفت مل کر کَانَ کا اسم۔ کان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط لام برائے جواب شرط۔ فَسَدَتَا فعل ماضی معروف تثنیہ مونث غائب اس میں الف تثنیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

۲۲۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ: نہیں کوئی معبود مگر اللہ۔

لا نفی جنس اِلٰہ اس کا اسم مَوْجُوْدٌ شبہ فعل محذوف اس میں ھُوَ ضمیر مستتر مبدل منہ اِلَّا حرف استثناء مُلغیٰ اسم جلالت بدل، مبدل منہ بدل مل کر شبہ فعل کا نائب الفاعل۔ شبہ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۲) لا نفی جنس اِلٰہ مبدل منہ الا حرف استثنا لفظ اللّٰہ (1) بدل، مبدل منہ مبدل مل کر اسم، اس کی خبر مَوْجُوْدٌ محذوف ہے۔ مَوْجُوْدٌ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

1۔ محل بعید کے اعتبار سے صفت ہے۔

Marfat.com

(۳)لَآ اِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ: نہیں کوئی معبود مگر اللہ۔

(۳)لا نفی جنس اِلٰہ موصوف الا بمعنی غیر مضاف لفظ اللّٰہ اسم جلالت مضاف الیہ مضاف ومضاف الیہ مل کر صفت (1)۔موصوف صفت مل کر لا نفی جنس کا اسم اس کی مَوْجُوْدٌ محذوف خبر ہے۔لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۴)لَآ اِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ: نہیں کوئی معبود مگر اللہ۔

اس میں الّا لکنَّ کے معنی میں ہے۔لا نفی جنس اِلٰہ اس کا اسم مَوْجُوْدٌ اس کی خبر محذوف۔لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ لکنَّ حرف مشبہ بالفعل لفظ اللّٰہ اسم جلالت اس کا اسم مَوْجُوْدٌاس کی خبر محذوف ہے۔ لکنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۵)زمخشری کے نزدیک اصل میں اللّٰہُ اِلٰہٌتھا حصر کے معنی کے لیے تقدیم وتاخیر کی گئی۔ لفظ اللّٰہ اسم جلالت مبتدا اِلٰہٌ خبر۔مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۶)لَآ اِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ: نہیں کوئی معبود مگر اللہ۔

اِلَّا(2)بمعنی اِنْتَفٰی فعل ماضی معروف اِلٰہٌ موصوف الّا بمعنی غیر مضاف لفظ اللّٰہ اسم جلالت مضاف الیہ۔مضاف ومضاف الیہ مل کر صفت ۔موصوف صفت مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۳۔ماعَادَ مِنْ سَفَرِہٖ اِلَّا اَخُوْک: اپنے سفر سے واپس نہیں لوٹا مگر آپ کا بھائی۔

ما نافیہ عَادَ ماضی معروف واحد مذکر غائب۔ مِنْ جارہ سَفَرِ مضاف ہٖ ضمیر مضاف الیہ۔مضاف بامضاف الیہ مِنْ کا مجرور۔جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔الّا حرف استثنا مُلغٰی اَخُوْ مضاف ک ضمیر مضاف الیہ۔مضاف بامضاف الیہ فاعل۔فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۴۔مافاز التلامیذ الّا الأذْکِیَاءُ: ذہین طلبہ ہی کامیاب ہوئے۔

1۔بنی تمیم کے نزدیک لا غیر عاملہ ہے۔

2۔الا بمعنی غیر یہاں کلمہ توحید میں معنوی اعتبار سے درست نہیں ہے۔تلویح صفحہ 55 البشیر شرح نحو میر 282۔

Marfat.com

مانافیہ فاَزَ ماضی حروف التلامِیْذُ مبدل منہ الاحرف استثنا اِلا ذُکِیَاءُ بدل۔ مبدل منہ وبدل مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۵۔ لاتُصَاحِبُ اِلاَّ الْاَخْیَارَ: اچھے لوگوں کی ہی مصاحبت اختیار کر۔ اچھے لوگوں کو ہی دوست بنا۔

لاتُصَاحِبْ فعل نہی معروف واحد مذکر حاضر اس میں اَنْتَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل الاّ حرف استثنا مُلغٰی اَلأخْیَارَ مستثنیٰ مفرغ ہوکر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۲۶۔ مَافَازَ الاّ الْمُجِدُّ: کوشش کرنے والا ہی کامیاب ہوا۔

مانافیہ فَازَ فعل ماضی حروف الاّ حرف استثنا مُلغٰی الْمُجِدُّ مستثنیٰ مفرغ ہوکر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۷۔ لَایَکْسِبُ ثِقَةَ الجَمْهُوْرِ الاَّ الْمُخْلِصُ: جمہور کا وثوق حاصل نہیں کرتا مگر مخلص شخص۔

لَا یَکْسِبُ مضارع معروف منفی ثِقَةَ مضاف الجَمْهُوْرِ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ اِلا حرف استثناء لغوا لمخلص فاعل فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۸۔ قَطَفْتُ الْاَزْهَارَ خَلَا الْوَرْدِ اَوْعَدَا الْوَرْد اَوْحَاشَا الْوَرْدِ: میں نے پھول چنے سوائے گلاب کے۔

قَطَفْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل اَلْاَزْهَارَ ذوالحال خَلا حرف جار الوَرْدِ مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل خَالِیَةً کے۔ شبہ فعل اپنے ھِیَ ضمیر مستتر فاعل ومتعلق سے مل کر شبہ جملہ ہوکر حال۔ ذوالحال حال مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۲) قَطَفْتُ ترکیب سابق۔ الأزْهَارَ مفعول بہ خَلَا حرف جار الوردِ مجرور، جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

(۳) قَطَفْتُ بترکیب معلوم الازھارَ مستثنی منہ خلاَ حرف جار شبیہ بالزائد برائے استثنا الوردِ لفظاً مجرور محلاً منصوب مستثنی، مستثنی منہ و مستثنیٰ مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۹۔ عَادَالْمُسَافِرونَ عَدَا اخیکَ: مسافر لوٹ آئے سوائے تیرے بھائی کے۔

عَادَ ماضی معروف واحد مذکر غائب الْمُسَافِرونَ فاعل عَدَا حرف جار اخیک مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۲) عَادَ ماضی معروف واحد مذکر غائب المسافرون ذوالحال عدا جارہ اخیک مضاف ومضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق خَالِیْنَ شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۳) عَادَ ماضی معروف الْمُسافِرونَ مستثنیٰ منہ خَلاَ حرف جار شبیہ بالزائد برائے استثناء اَخِیکَ مستثنیٰ مستثنیٰ منہ اور مستثنیٰ مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۰۔ ما قَبَّلْتُ یَدَأَحَدٍ غَیْرَ وَالِدِیْ: میں نے اپنے والد کے علاوہ کسی کے ہاتھ کو بوسہ نہیں دیا۔

ما نافیہ قَبَّلْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل یَدَ مضاف أَحَدٍ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مستثنی منہ غَیْرَ مضاف وَالد مضاف ی مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ غَیْرَ کا مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ و مستثنیٰ مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۱۔ وَمَا یَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ: اس کو علماء ہی سمجھتے ہیں۔

واوَ عاطفہ ما نافیہ یَعْقِلُ مضارع معروف واحد مذکر غائب هَا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ الاَ حرف استثنا مُلغی العَالِمُوْنَ مستثنی مفرغ ہو کر فاعل فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۲۔ قَطَفْتُ الْأَزْهَارَ مَاخَلَا الْوَرْدَ: میں نے پھول توڑے سوائے گلاب کے۔

(۱) قَطَفْتُ ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مفروع متصل فاعل اَلْاَزْهَارَ مفعول بہ مَا مصدریہ خَلَا ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل الْوَرْدَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر مصدر مؤول ہوکر وَقْتَ مقدر کا مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ ومفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۲) قَطَفْتُ ماضی معروف تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل الازهارَ ذوالحال مَا مصدریہ خلا ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر وجوبًا مستتر فاعل الوردَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ مصدر مؤول ہوکر (1) حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

(۳) قَطَفْتُ بترکیب معلوم الازهارَ مستثنیٰ منہ مَا نافیہ زائدہ برائے تاکید استثنا۔

۱۰۔ فَلَبِثَ فِيهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا: میں ان میں ساڑھے نوسو سال رہے۔

فَلَبِثَ ماضی معروف واحد مذکر غائب هُوَ جوازا مستتر فاعل فی جارہ هُم ضمیر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ اَلْفَ ممیز مضاف سَنَةٍ تمیز مضاف الیہ۔ ممیز مضاف وتمیز مضاف الیہ مل کر مستثنیٰ منہ الاحرف استثنا خَمْسِيْنَ ممیز عَامًا تمیز ممیز تمیز مل کر مستثنیٰ۔ مستثنیٰ منہ و مستثنیٰ مل کر مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل متعلق ومفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ اِلَّا الْمَوْتَ: ہر بیماری کی دوا ہے سوائے موت کے۔

لام حرف جار كُلِّ مضاف داءٍ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مستثنیٰ منہ اِلَّا حرف استثناء اَلْمَوْتَ مستثنیٰ۔ مستثنیٰ منہ اور مستثنیٰ مل کر لام جار کا مجرور جار مجرور مل کر متعلق ثابتٌ شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر مقدم دَوَاءٌ مبتدا مؤخر، خبر مقدم اور مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ۔

۱۲۔ لَا تَظْهَرُ الْكَوَاكِبُ اِلَّا النَّيِّرَيْنِ: ستارے ظاہر نہیں ہیں مگر نیرین۔

1۔ تقدیر کلام یہ ہوگی قطفتُ الازهار خَالِيَةً من الورد۔

لاتَظْهَرُ فعل مضارع منفی واحد مونث غائب اَلْكَوَاكِبُ مستثنیٰ منہ اِلَّا حرفِ استثنا النَّيِّرَيْنِ مستثنیٰ۔ مستثنیٰ منہ و مستثنیٰ مل کر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَاخَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ وَكُلُّ نَعِيْمٍ لَا مَحَالَةَ زَائِلٌ۔ خبردار! اللہ کریم کے سوا ہر چیز ختم ہونے والی ہے۔ اور ہر نعمت لامحالہ زائل ہونے والی ہے۔

اَلَا حرفِ استفتاح كُلُّ مضاف شَيْءٍ مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ مل کر ذوالحال مَا مصدریہ خَلَا فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں هُوَ ضمیر وُجوبًا مستتر فاعل لفظ اللّٰہ اسم جلالت مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ مصدر مؤول ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا بَاطِلٌ شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ واوَ عاطفہ كُلُّ مضاف نَعِيْمٍ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر مبتدا لانفی جنس مَحَالَةَ اس کا اسم زَائِلٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لانفی جنس اپنے اسم و خبر سے مل کر خبر اسمیہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۴۔ لا يَقَعُ الْحَالُ اِلَّا نَكِرَةً مُشْتَقَّةً فِيْ كُلِّ الْاَمْثِلَةِ اِلَّا فِيْ بَعْضِ الْاَمْثِلَةِ يَكُوْنُ الْحَالُ مَعْرِفَةً وَاِسْمًا جَامِدًا۔

حال تمام مثالوں میں نکرہ مشتق ہی واقع ہوتا ہے مگر بعض مثالوں میں حال معرفہ اور اسم جامد ہوتا ہے۔

لایَقَعُ مضارع معروف واحد مذکر غائب الْحَالُ ذوالحال اَلَّا حرف استثنا لغو نَكِرَةً موصوف مُشْتَقَّةً شبہ فعل اسم مفعول اس میں ھی ضمیر مستتر نائب الفاعل فی جارہ كُلَّ الا مُثلةِ مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار مجرور متعلق شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر نائب الفائل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر حال۔ ذوالحال حال مل کر فاعل فی جارہ کل الامثلة مرکب اضافی مجرور۔ جار مجرور مل کر مستثنیٰ منہ الاحرف استثنا فی جارہ بعض الا مثلة مرکب اضافی مجرور۔ جار مجرور مل کر مستثنیٰ۔ مستثنیٰ منہ و مستثنیٰ مل کر متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ۔

Marfat.com

سبق نمبر 33 کی تراکیب

۱۔ مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا: مسجد حرام سے مسجد اقصی تک سیر کرائی۔

مِنْ حرف جار اَلْمَسْجِدِ موصوف اَلْحَرَامِ صفت۔ موصوف صفت مل کر ذوالحال۔ اِلَى جارہ الْمَسْجِدِ موصوف الْاَقْصٰى صفت موصوف باصفت اِلَى کا مجرور۔ حرف جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق مُنْتَهِيًا شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال ذوالحال حال، مل کر مِنْ کا مجرور۔ جار مجرور متعلق اَسْرٰى فعل کے۔ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۲۔ رَمَيْتُ السَّهْمَ عَنِ الْقَوْسِ: میں نے تیر کمان سے پھینکا۔

رَمَيْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل السَّهْمَ مفعول بہ عن جارہ القَوْسِ مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو۔ فعل اپنے فاعل و ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ عَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ: تم کشتی پر سوار کیے جاؤ گے۔

عَلَى جارہ الْفُلْكِ مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف لغو۔ تُحْمَلُوْنَ فعل مضارع مجہول جمع مذکر مخاطب اس میں واؤ جمع ضمیر مرفوع متصل نائب الفاعل۔ فعل اپنے نائب الفاعل و ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ اَلْمَالُ فِي الْكِيْسِ: مال بٹوے میں ہے۔

اَلْمَالُ مبتدا فی جارہ الْكِيْسِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق مَوْجُوْدٌ(1) شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل اسم مفعول اپنے هُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

1۔ ثَابِتٌ مقدر بھی نکال سکتے ہیں

Marfat.com

۵۔ رُبَّ أُشَارَةٍ اَبْلَغُ مِنْ عِبَارَةٍ: بہت سے اشارے عبارت سے زیادہ بلیغ ہوتے ہیں۔

رُبَّ(1) حرف جر شبیھا بالزائد أُشَارَةٍ لفظا مجرور محلا مرفوع مبتدا اَبْلَغُ شبہ فعل اسم تفضیل واحد مذکر اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل مِنْ جارہ عِبَارَةٍ مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۶۔ رُبَّ تِلْمِیْذٍ مُجْتَهِدٍ فَازَ: بہت سے محنتی طالب علم کامیاب ہوئے۔

رُبَّ حرف جر شبیھا بالزائد تِلْمِیْذٍ لفظا مجرور محلا مرفوع موصوف مُجْتَهِدٍ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف باصفت مبتدا۔ فَازَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۷۔ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ: تمہارے بچھڑے کو معبود بنا لینے کی وجہ سے۔

ب جار اِتِّخَاذِ مصدر مضاف كُمْ ضمیر مضاف الیہ فاعل اَلْعِجْلَ مفعول بہ۔ مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ فاعل اور مفعول بہ سے مل کر بَ کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثَابتٌ شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا مقدر ھذا کی۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۸۔ باللّٰہ لَأَعْطِفَنَّ عَلَى الفَقِيْرِ: اللہ کی قسم میں فقیر پر ضرور مہربانی کروں گا۔

ب جارہ برائے قسم لفظ اللّٰہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل مقدر أُقْسِمُ کے أُقْسِمُ فعل مضارع معروف واحد متکلم اپنے أَنَا ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قسم۔ لَأَعْطِفَنَّ فعل مضارع معروف واحد متکلم مؤکد باللام والنون الثقیلۃ اس میں أَنَا ضمیر مستتر فاعل۔ علی جارہ الفقیر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم۔

1۔ رُبَّ حرف جر ہے اور حرف زائد کے مشابہ ہے اور مشابہت کی وجہ یہ کہ یہ کسی شی کے متعلق نہیں ہوتا۔ بحوالہ (موسوعة النحو والصرف والاعراب صفحہ 381، شرح ابن عقیل صفحہ 883 جلد 2)۔ مغنی اللبیب زائدہ فی المعنٰی دون العمل صفحہ 182 جلد 1۔

Marfat.com

۹۔ فِی الْبَحْرِ کَالْاَعْلَامِ: سمندر میں پہاڑوں کی طرح۔

فی جارہ البَحْرِ مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل مَوْجُوْدَۃٌ کے۔ شبہ فعل اسم مفعول واحد مونث اس میں ھی ضمیر مستتر نائب الفاعل کاف جارہ اَلْاَعْلَامِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے نائب الفاعل و متعلقین سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مبتدا مقدر ھِیَ کی مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۰۔ واللّٰہِ، تَاللّٰہِ لَاُعْطِفَنَّ علی الفقیر: قسم بخدا میں ضرور فقیر پر مہربانی کروں گا۔

(نوٹ: اس کی ترکیب باللّٰہ لاعطفن علی الفقیر کی طرح ہوگی)۔

۱۱۔ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ: اُسی کے لیے بادشاہی ہے اور اُسی کے لیے حمد۔

لام جارہ ہٗ ضمیر مجرور۔ جار مجرور متعلق ثَابِتٌ شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم۔ اَلْمُلْکُ مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم و مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ واؤ عاطفہ لَہٗ جار مجرور متعلق مُسْتَحَقٌّ شبہ فعل اسم مفعول کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر نائب الفاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم اَلْحَمْدُ مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم و مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ۔

۱۲۔ مَا کَلَّمْتُہٗ مُنْذُ سَنَۃٍ: میں نے ایک سال سے اس سے کلام نہیں کیا۔

مَا نافیہ کَلَّمْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل، ہٗ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ مُنْذُ جارہ سَنَۃٍ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ لَا قَابَلْتُہٗ مُنْذُ ھٰذَا الشَّھْرِ اَوْ مُنْذُ الْیَوْمِ: میں نے اس مہینے یا آج سے اس سے ملاقات نہیں کی۔

لا نافیہ قَابَلْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مُنْذُ جارہ ھٰذَا الشَّھْرِ مبدل منہ و بدل مل کر مجرور، جار مجرور مل کر معطوف علیہ اَوْ عاطفہ مُذْ جارہ الْیَوْم مجرور جار مجرور، مل کر معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

۱۴۔ جَاءَ نِی الْقَوْمُ حَاشَا زَیْدٍ: میرے پاس قوم آئی سوائے زید کے۔

جَاءَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب نون وقایہ ی ضمیر مفعول بہ الْقَوْمُ ذوالحال حَاشَا جارہ زید مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتًا شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ جَاء نی القومُ خَلَا(1) زَیْدٍ وَعَدَا زَیْدٍ: میرے پاس قوم آئی سوائے زید کے۔

(اس کی ترکیب مذکورہ بالا کی طرح ہے)۔

۱۶۔ رَسُوْلُ اللّٰہِ: اللہ کا رسول۔ اصل میں رَسُوْلٌ لِلّٰہِ ہے۔

رَسُوْلٌ موصوف لام جارہ لفظ اللّٰہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر خبر مبتدا محذوف کی جو کہ لفظ مُحَمَّد ہے۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۷۔ جَاءَ صَاحِبُ الْکِتَابِ: آیا صاحب کتاب

جَاءَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب صَاحِبُ مضاف الکتاب مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۸۔ لَقِیْتُ صَاحِبَ الْکِتَابِ: میں صاحب کتاب سے ملا۔

لَقِیْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل صَاحِبَ مضاف الْکِتَابِ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۹۔ نَظَرْتُ اِلٰی صَاحِبِ الْکِتَابِ: میں نے صاحب کتاب کی طرف دیکھا۔

نَظَرْتُ فعل با فاعل اِلَی جارہ صَاحِبِ الْکِتَابِ مضاف با مضاف الیہ اِلٰی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۰۔ لَمَعَتْ عَیْنا القِطِّ: بلی کی دو آنکھیں چمکیں۔

1۔ خلا حرف جار شبیہ بالزائد (موسوعۃ النحو والصرف، ص 361)

Marfat.com

لَمَعَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب عَیْنَا مضاف القِطِّ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۱۔ اَسْرَعَ سائقُوا السَّیَّارَاتِ: گاڑیوں کے ڈرائیوروں نے تیزی کی۔

اَسْرَعَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب سَائقُوْا مضاف السَّیَّارَاتِ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۲۔ هذا حافِظُ الدَّرْسِ: یہ سبق یاد کرنے والا ہے۔

هذا ها برائے تنبیہ ذااسم اشارہ قریب مبتدا حافِظُ شبہ فعل مضاف الدَّرْسِ مضاف الیہ مفعول بہ شبہ فعل مضاف اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل اور مضاف الیہ مفعول سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۳۔ رَجُلٌ حَسَنُ الْوَجْهِ: خوبصورت چہرے والا آدمی (یہ هذا کی خبر ہے)

رَجُلٌ موصوف حَسَنُ شبہ فعل صفت مشبہہ مضاف اَلْوَجْهِ مضاف الیہ، مرکب اضافی صفت، موصوف صفت مل کر خبر مبتدا محذوف هذا کی۔ جملہ اسمیہ خبریہ۔

۲۴۔ دَرَّسْتُ التِلْمِیذَ الْحَافِظَ دَرْسِهٖ: میں نے ایسے شاگرد کو پڑھایا جو اپنے سبق کو یاد کرنے والا ہے۔

دَرَّسْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل التِلْمِیْذَ موصوف الحَافِظَ شبہ فعل اسم فاعل مضاف دَرْسِ مضاف الیہ مضاف هٖ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر الحافظ کا مضاف الیہ مفعول بہ موصوف موصوف صفت مل کر مفعول بہ فعل مشبہ فعل مضاف الیہ مفعول سے مل کر اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۵۔ دَرَّسْتُ تِلْمِیْذًا غَیْرَ تَاتِیْ بَکْرٍ: میں نے بکر کے علاوہ کسی شاگرد کو پڑھایا۔

دَرَّسْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل تِلْمِیْذًا موصوف غَیْرَ مضاف بَکْرٍ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ صفت موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۷۔ کَانَ رَجُلٌ مُسَافِرًا اِلٰی بَلَدٍ بَعِیْدٍ: ایک آدمی دور کے ملک کا مسافر تھا۔

Marfat.com

كَانَ فعل ماضی معروف ناقص رَجُلٌ اس کا اسم مُسَافِرًا شبہ فعل اسم فاعل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل الی جارہ بَلَدٍ موصوف بَعِيْدٍ شبہ فعل صفت مشبہہ اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف با صفت اِلٰی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

وَفِی الطَّرِيْقِ تَعَرَّفَ اِلٰی شَخْصٍ: اور راستے میں ایک شخص سے اس کی پہچان تھی۔

واوٗ عاطفہ فی جارہ الطَّرِيْقِ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق مابعد فعل کے تَعَرَّفَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اِلٰی جارہ شَخْصٍ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلقین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

وَحَلَّ ضَيْفًا(1) فی بَيْتِهٖ لِيَسْتَرِيْحَ بَعْضَ الْوَقْتِ ثُمَّ يُتَابِعُ سَفَرَهٗ: اور وہ اس کے گھر میں مہمان کی طرح ٹھہراتا کہ کچھ وقت آرام کرے پھر اپنے سفر (کو اختیار) کرے گا۔

واوٗ عاطفہ حَلَّ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر ذوالحال ضَيْفًا حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل فی جارہ بیت مضاف ہ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ فی کا مجرور جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ لام جارہ برائے تعلیل اَن ناصبہ مقدرہ يَسْتَرِيْحَ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل بَعْضَ مضاف الوقْتِ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ فعل اپنے فاعل ومفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ يُتَابِعُ فعل مضارع واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سَفَرَ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ فعلیہ مصدر مؤول ہو کر لام کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلقین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

وَعِنْدَ الْغَدَاءِ جَلَسَا اِلَى الْمَائِدَةِ: اور صبح کے کھانے کے وقت وہ دسترخوان پر بیٹھے۔

1۔ ضَيْفًا۔ اسم جامد بھی حال بن سکتا ہے جبکہ وہ نوعیت وتشبیہ وغیرہ پر دلالت کرے۔ شرح ابن عقیل جلد 1۔

Marfat.com

واوٗ عاطفہ عِنْدَاسم ظرف مضاف الغَداء مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ ظرف مابعد فعل کی جَلَسَا فعل ماضی معروف تثنیہ مذکر غائب اس میں الف تثنیہ فاعل الی جارہ المائدۃِ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل وظرف ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فَأَحْضَرَ صَاحِبُ البَيْتِ خبزا ومَضٰى لِيُحْضِرَ بَقِيَةَ الطَّعَامِ: صاحب خانہ ایک روٹی لے آیا اور چل دیا تا کہ بقیہ کھانا لے آئے۔

فا تفصیلیہ اَحْضَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب صَاحِبُ البَيْتِ مضاف و مضاف الیہ مل کر فاعل خُبْزًا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ واوٗ عاطفہ مَضٰى فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ل جارہ برائے تعلیل اَن ناصبہ مقدرہ موصول حرفی يُحْضِر فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل بَقِيَةَ الطعام۔ مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو مصدر مؤول ہوکر ل جار کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل۔ مَضٰى کے۔ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ۔

وَبَعْدَ قَلِيْلٍ عَادَ وهُوَ يَحْمِلُ بِيَدِهٖ صَحْفَةَ طَعَامٍ: اور تھوڑی دیر کے بعد وہ لوٹا اس حال میں کہ وہ اپنے ہاتھ میں کھانے کا بڑا پیالہ اٹھائے ہوئے تھا۔

واوٗ عاطفہ بَعْدَ اسم ظرف مضاف قَلِيْلٍ شبہ فعل صفت مشبہہ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ ظرف مابعد فعل عَادَ کی۔ عَادَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر ذوالحال واوٗ حالیہ ھُوَ ضمیر مرفوع منفصل مبتدا يَحْمِلُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ب جارہ يَدِهٖ مضاف بامضاف الیہ ب کا مجرور جار مجرور متعلق فعل کے صَحْفَةَ الطَّعَامِ مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر عَادَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل وظرف مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

واذا بالضیف قَدُأ کَلَ الخُبزَ فوضَعَ الصَّحفَةَ وَذَهَبَ فاحضَرَ خُبزًا: اور مہمان نے جب روٹی کھالی تو اس نے کھانے کا بڑا پیالہ رکھا اور جا کر ایک اور روٹی لے آیا۔

واوَ عاطفہ اذا مفاجاتیہ لامحل لھافی الاعراب ب زائدہ الضیف لفظاً مجرور محلاً مرفوع مبتدا قَدُ برائے تحقیق اَکل فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ھُوَ ضمیر مستتر فاعل الخُبزَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ف عاطفہ وَضع فعل ماضی معروف واحد مذکر ھو ضمیر مستتر فاعل الصَحفَةَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ۔ واوَ عاطفہ ذَھَبَ فعل واحد مذکر غائب ھُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف ف عاطفہ احضر فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اَلخُبزَ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ معطوفہ۔

وَفَعَلَ صَاحِبُ البَیتِ ذَالِکَ عِدَّةَ مَرَّاتٍ: اور صاحب خانہ نے کئی مرتبہ ایسا کیا۔

واوَ عاطفہ فَعَلَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب صَاحِبُ البَیتِ مضاف بامضاف الیہ فاعل ذَالِکَ اسم اشارہ بعید مفعول بہ عِدَّة مضاف مَرّاتٍ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ نائب مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ نائب ومفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

وَاَخِیرًا سَاَلَ الرَّجُلُ ضَیفَهُ قَائِلاً اِلٰی اَینَ تُرِیدُ الذِّھَابَ یَااَخِی: اور آخر کار اس آدمی نے اپنے مہمان سے یہ کہتے ہوئے پوچھا کہ اے میرے بھائی آپ کہاں جانا چاہتے ہیں۔

واوَ عاطفہ اَخِیرًا نائب مفعول فیہ مقدم سَاَلَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الرَّجُلُ ذوالحال ضَیفَهُ مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ قَائِلاً شبہ فعل اسم فاعل واحد مذکر اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل اِلٰی جارہ اَینَ اسم ظرف مجرور۔ جار مجرور متعلق مابعد فعل کے۔ تُرِیدُ فعل مضارع معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر مستتر فاعل الذِّھَابَ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ محلاً منصوب مفعول بہ قَائلاً

Marfat.com

شبہ فعل کا۔ شبہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر سَأل کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

یا حرف ندا قائم اَدْعُوْ فعل معروف واحد متکلم کے اس میں أنا ضمیر مستتر وجوبًا فاعل اَخ مضاف ی ضمیر متکلم مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل و منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

فَاجَابَهُ الضَّيْفُ اِلٰى مِصْر: مہمان نے اس کو جواب دیا کہ شہر جانے کا ارادہ ہے۔

فا عاطفہ اَجَابَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ہٗ ضمیر مفعول بہ الضَّيْفُ فاعل اِلٰی جارہ مِصْرٍ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

قَالَ الرَّجُلُ لِمَاذا؟ آدمی نے کہا کس لیے (شہر جانے کا ارادہ ہے)؟

قَالَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الرَّجُلُ فاعل لام جارہ تعلیلیہ مَاذَا استفہامیہ مجرور۔ جار مجرور متعلق مابعد فعل تذھب کے جس میں أنْتَ ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ محلا منصوب مفعول بہ (مقولہ) فعل اپنے فاعل ومقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

فَقَالَ الضَّيْفُ بَلَغَنِیْ اَنَّ فِيْهَا طَبِيْبًا حَاذِقًا: مہمان نے کہا مجھے خبر ملی ہے کہ اس میں ایک ماہر طبیب ہے۔

ف عاطفہ یا تفصیلیہ قَالَ فعل ماضی معروف الضَّيْفُ فاعل بَلَغ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ن وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ اَنَّ حرف مشبہ بالفعل فی جارہ ھا ضمیر مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم طَبِيْبًا موصوف حاذقًا صفت۔ موصوف صفت مل کر اسم مؤخر أنَّ اپنی خبر مقدم و اسم مؤخر سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر بَلَغَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ محلا منصوب مفعول بہ مقولہ۔ فعل اپنے فاعل ومقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

وَاُرِيْدُ اَنْ اَسْأَلَهٗ مَمَّا يُصْلِحُ مَعِدَتِی: اور میں اس سے اس چیز کے متعلق

Marfat.com

پوچھنا چاہتا ہوں جو میرے معدے کو درست کردے۔

واوَ عاطفہ اُرِیْدُ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں أنا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اَنْ ناصبہ موصول حرفی اَسْأَلَ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں أنا ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مِنْ جارہ مَا اسم موصول یُصْلِحُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل مَعِدَة مضاف ی ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول با صلہ بتاویل مفرد من کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر ان موصول حرفی کا صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فَأَنِّی قَلِیْلُ الشَّھْوَةِ لِلطَّعَامِ: کیونکہ میں کھانے کی کم خواہش رکھنے والا ہوں۔

فا عاطفہ اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اس کا اسم قَلِیْل شبہ فعل صفت مشبہہ مضاف الشَّھْوَةِ مضاف الیہ۔ ل جارہ الطعام مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے مضاف الیہ و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

فَقَالَ الرَّجُلُ یَاصَاحِبِیْ اِذَا صَلُحَتْ مَعِدَتُکَ فلا تَجْعَلْ عَوْدَتَکَ عن ھذہ الطریق: آدمی نے کہا اے میرے دوست! جب تیرا معدہ صحیح ہو جائے تو اس راستے سے واپس نہ آنا۔

ف عاطفہ قَالَ فعل ماضی معروف الرَّجُلُ فاعل۔ یا حرف ندا قائم مقام ادعُو فعل مضارع واحد متکلم کے جس میں أنا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل صاحبی مضاف با مضاف الیہ منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومنادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر ندا۔ اذا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم صَلُحَتْ فعل ماضی معروف واحد مونث غائب مَعِدَتُکَ مضاف با مضاف الیہ فاعل۔ (اور اگر اَصْلَحْتَ ہو تو تو یہ فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب اس میں تَ ضمیر مرفوع متصل فاعل اور معدتک مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ) فعل اپنے فاعل ومفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ ف جزائیہ لائے نہی

Marfat.com

تجعَلُ فعل مضارع معروف مجزوم واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل عَوَدة مضاف ک ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مفعول بہ عن جارہ ھذہ اسم اشارہ قریب مبدل منہ الطریق بدل۔ مبدل منہ ومبدل مل کر عن کا مجرور جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ ہوکر جواب ندا۔ ندا وجواب ندا مل کر محلاً منصوب مفعول بہ (مقولہ) قال فعل اپنے فاعل اور مقولہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۲۸۔ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ: آج کوئی بچانے والا نہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے مگر جس پر وہ رحم کرے (1)۔

لا نفی جنس عَاصِمَ مستثنیٰ منہ الا حرف استثنا مَنْ اسم موصول رَحِمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ہٗ ضمیر محذوف مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ۔ موصول صلہ مل کر مستثنیٰ۔ مستثنیٰ منہ و مستثنیٰ مل کر لا نفی جنس کا اسم۔ اَلْيَوْمَ ظرف مَانِعٌ (2) شبہ فعل کی مِنْ جارہ امر اللّٰہ مرکب اضافی مجرور۔ جار مجرور متعلق مَانِعٌ شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ظرف و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ۔

۲۹۔ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ: (3) (ہم نے حکم دیا) اے پہاڑو! تسبیح کہو اس کے ساتھ مل کر اور پرندوں کو بھی یہی حکم دیا۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُوْ فعل کے اس میں انا ضمیر مستتر فاعل جِبَالُ منادی مفعول بہ لفظاً مرفوع محلاً منصوب۔ فعل اپنے فاعل ومنادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا اَوِّبِيْ امر حاضر معروف واحد مونث ی مخاطبہ ضمیر مرفوع متصل فاعل مَعَ مضاف ہٗ مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ۔ مفعول فیہ واوَ معیت الطَّيْرَ مفعول معہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول

1۔ الجدول فی اعراب القرآن مزید تفصیل کے لیے مشکل اعراب القرآن صفحہ 405/1۔ الدار المصون جلد 4، صفحہ 101-102

2۔ یا اس کی خبر مَوْجُوْدٌ محذوف ہے۔ الدر المصون

3۔ عِنْدَ سیبویہ جِبَالُ معطوف علیہ۔ الطَّيْرَ معطوف ہے۔ جبال کے محل پر عطف ہے حاشیہ شہاب 527/7۔

Marfat.com

فیہ ومفعول معہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا۔

۳۰۔اِحْتَرَمْتُهٗ مَخَافَةَ الشَرِّ: میں نے شر کے خوف سے اس کا احترام کیا۔

اِحْتَرَمْتُ فعل بافاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ مَخَافَةَ مصدر مضاف الشَّرِّ مضاف الیہ مضاف بامضاف الیہ مفعول لہ۔ فعل اپنے فاعل مفعول بہ ومفعول لہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۱۔لَمْ يَتَقَدَّمْ اِلَّا الْمُجِدُّ: کوشش کرنے والے کے علاوہ کوئی آگے نہ بڑھا۔

لَمْ جازمہ يَتَقَدَّمْ فعل مضارع مجزوم واحد مذکر الا حرف استثنا اَلْمُجِدُّ فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۲۔يٰعِبَادِیْ كُلُّكُمْ ضَالٌّ اِلَّا مَنْ هَدَيْتُهٗ فَاسْتَهْدُوْنِیْ: اے میرے بندو! تم سب کے سب گمراہ ہو مگر جس کو میں نے ہدایت دی پس تم مجھ سے ہدایت طلب کرو۔

یا حرف ندا قائم فعل اَدْعُو کے اس میں أنا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل عِبَادی مضاف بامضاف الیہ منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومنادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا۔ كُلّ مضاف۔ كُمْ ضمیر مضاف الیہ مرکب اضافی مستثنیٰ منہ مبتدا الا حرف استثنا مَنْ مبتدا هَدَيْتُ فعل ماضی معروف فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مستثنیٰ۔ مستثنیٰ ومستثنیٰ منہ مل کر مبتدا ضَالٌّ خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوکر جواب ندا۔ فا سببیہ یا مستانفہ اِسْتَهْدُوا فعل امر معروف جمع مذکر مخاطب اس میں واؤ جمع ضمیر متصل فاعل ن وقایہ ی ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۳۔يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ: صد افسوس ان بندوں پر۔

یا حرف ندا قائم مقام اَنْدُبُ فعل کے اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل۔ حَسْرَةً مندوب مفعول بہ علی جارہ اَلْعِبَادِ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور مندوب مفعول بہ ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۳۴۔رَاقَنِی الْوَرْدُ وَسْطَ الْبُسْتَانِ: باغ کے درمیان میں گلاب کا پھول مجھے خوشگوار لگا۔

رَاقَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ن وقایہ ی ضمیر مفعول بہ اَلْوَرْدُ ذوالحال

Marfat.com

وَسْطَ مضاف البُسْتَان مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ مفعول فیہ ثابتًا شبہ فعل کا شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ومفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۵۔ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ: اور اپنے لباس مطہر کو خوب صاف رکھیے۔

(i) واوٗ عاطفہ ثِيَابَكَ مرکب اضافی مفعول بہ مقدم ف زائدہ طَهِّرْ امر حاضر معروف اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

(ii) اصل میں وَاَمَّافَثِيابِکَ طھر ہے۔ اَمَّا حرف شرط وتفصیل قائم مقام مھما یک من شی ءٍ۔ فھما اسم شرط مبتدا یَکُ فعل مضارع معروف تام اس میں ھُوَ ضمیر مستتر فاعل من شیءٍ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط ف جزائیہ ثیابَک طَھِّر بترکیب سابق جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ۔

۳۶۔ اُنْصُرْ اَخَاکَ ظَالِمًا اَوْمَظْلُوْمًا (الحدیث): اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم (یعنی ظالم کو ظلم سے روک کر اس کی مدد کرو)۔

اُنْصُرْ فعل امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل اَخَا مضاف ک مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ ذوالحال ظَالِمًا معطوف علیہ اَوْ عاطفہ مظلومًا معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف حال۔ ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

Marfat.com

سبق نمبر 34 کی تراکیب

۱۔ مَرَرْتُ بِرَجُلٍ فَاضِلٍ: میں فاضل مرد کے پاس سے گزرا۔

مَرَرْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل ب جارہ رَجُلٍ موصوف فَاضِلٍ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر ب کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ جَاءَ الرَّجُلُ الْمُهَذَّبُ: مہذب مرد آیا۔

جَاءَ فعل ماضی معروف الرَّجُلُ موصوف الْمُهَذَّبُ شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ جَاءَ الرَّجُلُ الْمُهَذَّبُ اَخُوْهُ: وہ مرد آیا جس کا بھائی مہذب ہے۔

جَاءَ فعل الرَّجُلُ موصوف المهذب شبہ فعل اسم مفعول اَخُوْهُ مضاف بامضاف الیہ نائب الفاعل۔ شبہ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ هذا رَجُلٌ مُهَذَّبٌ: یہ مہذب مرد ہے۔

ھا برائے تنبیہ ذا اسم اشارہ قریب مبتدا رَجُلٌ موصوف مُهَذَّبٌ شبہ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۵۔ حَضَرَ السَّيِّدُ الْعَاقِلُ: عقل مند سردار حاضر ہوا۔

حَضَرَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب السَّیِّدُ موصوف الْعَاقِلُ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت موصوف صفت مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ: یہ پورے دس ہیں۔

تِ اسم اشارہ بعید مبتدا للبعد ک علامت خطاب عَشَرَةٌ اسم عدد موصوف كَامِلَةٌ شبہ فعل اسم فاعل واحد مونث اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۷۔ نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ: قرناء میں ایک ہی پھونک پھونکا جائے گا۔

نُفِخَ فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب فی جارہ الصُّوْرِ مجرور جار مجرور متعلق فعل کے نَفْخَةٌ موصوف وَاحِدَةٌ شبہ فعل اسم فاعل واحد مونث اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر نائب الفاعل۔ فعل اپنے نائب الفاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بہت ہی مہربان اور ہمیشہ رحم فرمانے والا (ہے)۔

ب جارہ اسم مضاف لفظ اللّٰہ اسم جلالت موصوف الرَّحْمٰن صفت اوّل بترکیب سابق الرَّحیم صفت ثانی بترکیب سابق۔ موصوف اپنی دونوں صفتوں کے ساتھ مل کر اسم کا مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ ب کا مجرور جار مجرور مل کر متعلق فعل اَبْتَدِئُ مضارع معروف واحد متکلم کے اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۹۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ: میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے۔

اَعُوْذُ فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل ب جارہ لفظ اللہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ من جارہ الشَّیْطٰن موصوف الرَّجیم

Marfat.com

صفت۔ موصوف صفت مل کر من کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلقین سے مل کر جملہ فعلیہ۔

۱۰۔ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْ عَبْدَکَ الْمِسْکِیْنَ: یا اللہ اپنے مسکین بندے پر رحم فرما۔

اللّٰھُمَّ اصل یا اللّٰہ تھا حرف ندا کو گرا کر م مشدد کو اس کے قائم مقام رکھ دیا یا حرف ندا قائم فعل مقام اَدعُوْ مضارع معروف واحد متکلم کے جس میں أنا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اللّٰہ اسم جلالت لفظًا مرفوع محلًا منصوب منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر ندا۔

اِرْحَمْ فعل امر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل عبدکَ مضاف بامضاف الیہ موصوف المسکین صفت موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جواب ندا۔ ندا و جواب ندا مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۱۱۔ ھٰذَا عَمَلٌ یَنْفَعُ: یہ عمل نفع دیتا ہے۔

ھذا اسم اشارہ قریب مبتدا عَمَلٌ موصوف یَنْفَعُ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اپنے ھو مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۲۔ ھٰذَا رَجُلٌ سَابِحٌ: یہ تیراک مرد ہے۔

ھذا اسم اشارہ قریب مبتدا رَجُلٌ موصوف سَابِحٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۳۔ ھذا الْعَمَلَ یَنْفَعُ: یہ کام فائدہ دیتا ہے۔

ھذا اسم اشارہ قریب مبتدا الْعَمَلُ ذوالحال یَنْفَعُ فعل مضارع معروف اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال۔ ذوالحال و حال مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

۱۴۔ هذا وَلَدٌ اَخُوْهُ ضَاحِکٌ: یہ وہ بچہ ہے جس کا بھائی ہنسنے والا ہے۔

هذا اسم اشارہ مبتدا وَلَدٌ موصوف اَخُوْهُ مضاف بامضاف الیہ مبتدا ضَاحِکٌ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۱۵۔ جَاءَ الْوَلَدُ اَخُوْهُ ضَاحِکٌ: بچہ آیا اس حال میں کہ اس کا بھائی ہنسنے والا ہے۔

جَاءَ فعل ماضی معروف اَلْوَلَدُ ذوالحال اَخُوْهُ ضَاحِکٌ بترکیب مذکورہ جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ ذوالحال وحال مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

سبق نمبر 35 کی تراکیب

۱۔ رَأیتُ التِّمْسَاحَ التِّمْسَاحَ: میں نے مگرمچھ ہی کو دیکھا۔

رَأیتُ فعل بافاعل التِّمْسَاحَ مؤکد التِّمْسَاحَ تاکید، مؤکد تاکید مل کر مفعول۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ قَدِمَ قَدِمَ الْحَاجُّ: حاجی آیا ہی آیا۔

قَدِمَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب مؤکد۔ قَدِمَ تاکید الحَاجُّ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ اَلْحَقُّ وَاضِحٌ وَاضِحٌ: حق واضح ہی واضح ہے۔

اَلْحَقُّ مبتدا وَاضِحٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مؤکد۔ وَاضِحٌ شبہ جملہ ہو کر تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

۴۔ نَعَمْ نَعَمْ: ہاں ہاں۔

نَعَمْ مؤکد، نَعَمْ تاکید۔

۵۔ طَلَعَ النَّهَارُ طَلَعَ النَّهَارُ: دن طلوع ہوا دن طلوع ہوا۔

طَلَعَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب النَّهَارُ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مؤکد۔ طَلَعَ فعل النَّهَارُ فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر تاکید۔

۶۔ اَکْتُبُ اَنَا: میں ہی لکھتا ہوں، لکھوں گا۔

اَکْتُبُ فعل مضارع معروف واحد متکلم میں أنا ضمیر وجوبا مستتر مؤکد اور أنا ضمیر مرفوع منفصل تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر اکتبُ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۷۔ کُنْتَ اَنْتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ: تو ہی ان پر نگران تھا۔

Marfat.com

کُنتَ فعل ماضی معروف ناقص واحد مذکر مخاطب تَ ضمیر مرفوع متصل مؤکد اَنْت تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر فعل ناقص کا اسم الرَّقیب شبہ فعل صفت مشبہ علیھم جار مجرور مل کر متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۸۔ حَدَّثَنِی الوزیرُ نَفْسُہٗ: مجھ سے بذات خود وزیر نے گفتگو کی۔

حَدَّث فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب ن وقایہ ی ضمیر مفعول بہ الوزیرُ مؤکد نَفْسُ مضاف ہٗ ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ تاکید مؤکد تاکید مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۹۔ جَاءَتِ النساءُ انْفُسُھُنَّ اَو اَعْیُنُھُنَّ: بذات خود عورتیں آئیں۔

جاء ت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب النساء مؤکد اَنْفُسُھُنَّ مضاف با مضاف الیہ تاکید یا اَعْیُن مضاف ھُنَّ مضاف الیہ۔ مضاف با مضاف الیہ تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۰۔ جاءَ الرَّجُلَانِ کِلَاھُمَا: دونوں مرد آئے۔

جَاءَ فعل الرَّجُلَان مؤکد کِلَا مضاف ھُما ضمیر تثنیہ مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ جَاءَتِ البِنْتَانِ کِلْتَاھُمَا: دونوں لڑکیاں آئیں۔

جَاءَ تِ فعل ماضی معروف البِنْتَانِ مؤکد کِلْتَاھُمَا مضاف با مضاف الیہ تاکید مؤکد تاکید مل کر فاعل۔ فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ قَرأتُ الکِتَابَ کُلَّہٗ: میں نے ساری کتاب پڑھی۔

قَرَأتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر فاعل الکتابَ مؤکد کُلَّہٗ مضاف با مضاف الیہ تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر مفعول بہ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۳۔ اِشْتَرَیْتُ الْعَبِیْدَ کُلَّھُمْ: میں نے تمام غلام خریدے۔

اِشْتَرَیْتُ فعل با فاعل الْعَبِیْدَ مؤکد کُلَّھُمْ مضاف با مضاف الیہ تاکید مؤکد تاکید مل

Marfat.com

کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۴۔ جَاءَ نِی القَوْمُ اَجْمَعُوْنَ: میرے پاس تمام قوم آئی۔

جَاءَ نِیْ بترکیب معلوم القَوْمُ مؤکد اَجْمَعُوْنَ تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر جَاءَ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۵۔ اِشْتَرَیْتُ الْعَبْدَ اجْمَعَ: میں نے پورا غلام خریدا۔

اِشْتَرَیْتُ فعل با فاعل الْعَبْدَ مؤکد اَجْمَعَ تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۶۔ جَاءَ النَّاسُ اَجْمَعُوْنَ اَکْتَعُوْن اَبْصَعُوْنَ: تمام لوگ آئے۔

جَاءَ فعل النَّاسُ مؤکد۔ اجمعون تاکید اول اَکْتَعُوْنَ تاکید ثانی اَبْصَعُوْنَ تاکید ثالث مؤکد اپنی تمام تاکیدوں سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۷۔ قُمْتُ أَنَا نَفْسِیْ بِالْوَاجِبِ: میں نے بذات خود ڈیوٹی سرانجام دی۔

قُمْتُ فعل ماضی معروف واحد متکلم تُ ضمیر مرفوع متصل مؤکد أَنَا ضمیر مرفوع منفصل تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر پھر مؤکد نَفْسِی مضاف بامضاف الیہ تاکید مؤکد تاکید مل کر فاعل۔ ب جارہ الواجب مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۸۔ قَامَاهُما انْفُسُهُمَا: وہ دونوں بذات خود کھڑے ہوئے۔

قَامَا فعل ماضی معروف تثنیہ مذکر غائب الف تثنیہ موکد هُما ضمیر مرفوع منفصل تاکید، مؤکد تاکید مل کر پھر مؤکد انفسهما مضاف بامضاف الیہ تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر فاعل فعل فاعل مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۹۔ مَنْ ضَرَبَکَ انْتَ نَفْسَکَ: خاص تجھے کس نے مارا۔

مَنْ استفہامیہ مبتدا ضَرَبَ فعل اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل ک ضمیر مؤکد اَنْتَ تاکید مؤکد تاکید مل کر پھر مؤکد۔ نَفْسَکَ مضاف بامضاف الیہ تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

Marfat.com

سبق نمبر 36 کی تراکیب

۱۔ يَسُوْدُ الرَّجُلُ بِالْأَدِبِ وَالْعِلْمِ: آدمی علم وادب سے سردار بنتا ہے۔

يَسُوْدُ فعل مضارع معروف واحد مذکر نائب الرَّجُلُ فاعل ب جارہ اَلْأَدِبِ معطوف علیہ واوٗ عاطفہ اَلْعِلْمِ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف ب کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۲۔ نَضِجَ الْخَوْخُ وَالْعِنَبُ: اخروٹ وانگور پک گئے۔

نَضِجَ فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الْخَوْخُ معطوف علیہ واوٗ عاطفہ العِنَبُ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۳۔ خَرَجَ الشُّبَّانُ ثُمَّ الشُّيُوْخُ: (پہلے) نوجوان پھر بوڑھے نکلے۔

خَرَجَ فعل ماضی معروف الشُّبَّانُ معطوف علیہ ثُمَّ عاطفہ الشُّيُوْخُ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۴۔ اِنْ تُؤْمِنُوْا وَ تَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ اُجُوْرَكُمْ: اگر تم ایمان لاوٗ اور تقوی اختیار کرو تو وہ تمہیں تمہارا اجر دے گا۔

اِنْ شرطیہ جازمہ تُومِنُوا فعل مضارع مجزوم جمع مذکر مخاطب واوٗ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واوٗ عاطفہ تَتَّقُوْا فعل مضارع مجزوم جمع مذکر مخاطب واوٗ جمع فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ يُؤْتِ فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب هُوَ ضمیر مستتر فاعل كُمْ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ اُجُوْرَ کم مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ ثانی۔ فعل اپنے فاعل و مفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

۵۔ دَخَلَ عَلَى الفِعْلِ اَنْ وَلَنْ: فعل پر اَن وَلَنْ داخل ہوئے۔

Marfat.com

دَخَلَ فعل ماضی معروف علی جارہ الفعل مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے اَنْ معطوف علیہ واوَ عاطفہ لَنْ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف فاعل۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۶۔ اُولٰٓئِکَ عَلٰی هُدًی مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَ اُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ: وہی لوگ ہدایت پر ہیں اپنے رب (کی توفیق) سے اور وہ دونوں جہان میں کامیاب ہیں۔

اولٰئِکَ اسم اشارہ بعید مبتدا علی جارہ هُدًی موصوف من جارہ رَبِّهم مضاف بامضاف الیہ من کا مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر عَلٰی کا مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق ثابتون شبہ فعل مقدر کے۔ شبہ فعل اپنے هُمْ ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ واوَ عاطفہ اولٰئکَ اسم اشارہ بعید مبتدا هُمْ ضمیر فصل لامحل لها فی الاعراب الْمُفْلِحون۔ شبہ فعل اسم فاعل اپنے هُمْ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ۔

۷۔ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ: تو اور تیری بیوی جنت میں سکونت پذیر رہو۔

اُسْكُنْ فعل امر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں اَنْتَ ضمیر وجوبًا مستتر مؤکد اَنْتَ ضمیر مرفوع منفصل تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر معطوف علیہ واوَ عاطفہ زوجُکَ مضاف بامضاف الیہ معطوف۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر اُسْكُنْ فعل کا فاعل الجنَّةَ مفعول فیہ، فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

۸۔ نَجَوْتُمْ اَنْتُمْ وَمَنْ مَعَكُمْ: تم نے اور تمہارے ساتھیوں نے نجات پائی۔

نَجَوْتُمْ فعل ماضی معروف جمع مذکر مخاطب تُمْ ضمیر مرفوع متصل مؤکد انْتُمْ ضمیر مرفوع منفصل تاکید۔ مؤکد تاکید مل کر معطوف علیہ واوَ عاطفہ مَنْ موصولہ مَعَكُمْ مضاف بامضاف الیہ ظرف ثَبَتُوْا فعل کی۔ فعل اپنے واوَ جمع فاعل و ظرف سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر معطوف۔ معطوف و معطوف مل کر نَجَوْتُمْ کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

۹۔ مَآ اَشْرَکْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا: نہ ہی ہم نے اور نہ ہمارے آباء نے شرک کیا۔

مانافیہ اَشْرَکْنَا فعل ماضی معروف جمع متکلم نا ضمیر مرفوع متصل معطوف علیہ واوَ عاطفہ زائدہ برائے تاکید آباءُ نا مضاف بامضاف الیہ معطوف، معطوف بامعطوف علیہ فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ (شرح ابن عقیل)۔

۱۰۔ مَرَرْتُ بِکَ وبا لرَّجُلِ: میں تیرے پاس سے اور خاص مرد کے پاس سے گزرا۔

مَرَرْتُ فعل بافاعل ب جارہ ک مجرور۔ جار مجرور معطوف علیہ واوَ عاطفہ ب جارہ الرّجل مجرور۔ جار مجرور مل کر معطوف۔ معطوف علیہ بامعطوف متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۱۔ شَرِبَ زَیْدٌ مَاءً وَخَالِدٌ لَبَنًا: زید نے پانی اور خالد نے دودھ پیا۔

شَرِبَ فعل ماضی معروف زَیْدٌ معطوف علیہ واوَ عاطفہ خَالِدٌ معطوف۔ معطوف علیہ بامعطوف فاعل مَاءً معطوف علیہ واوَ عاطفہ مقدرۃ لَبَنًا معطوف۔ معطوف علیہ بامعطوف مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

۱۲۔ فی الدار رجل والغُرْفَةِ طفل: گھر میں مرد اور کمرے میں بچہ ہے۔

فی جارہ الدار معطوف علیہ واوَ عاطفہ اَلْغُرْفَةِ معطوف۔ معطوف اور معطوف علیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتانِ شبہ فعل کے شبہ فعل میں ھُما ضمیر مستتر فاعل شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم رجل معطوف علیہ واوَ عاطفہ طِفْلٌ معطوف۔ معطوف اور معطوف علیہ مل کر مبتدا مؤخر۔ خبر مقدم اور مبتدا مؤخر مل کر جملہ اسمیہ۔

۱۳۔ ھذا عَلِیٌّ زَیْنُ العَابِدِیْنَ: یہ علی زین العابدین ہے۔

لفظ اللّٰہ اسم جلالت مبتدا واحد شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوکر جواب قسم مقدم۔ واللّٰہ بترکیب سابق جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قسم مؤخر۔

اللّٰہ واللّٰہ واحد۔ اللہ کی قسم اللہ ایک ہے۔

لفظ اللّٰہ مبتدا وَاحِدٌ شبہ فعل اسم فاعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوکر دلیل جواب قسم واللّٰہ بترکیب معلوم جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قسم جس کا جواب اِنَّ اللّٰہ واحد محذوف ہے۔ اِنَّ اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوکر جواب قسم۔

لعمری اصبحت البحار مظھر قوۃ الامم۔

میری عمر کی قسم سمندر قوموں کی قوت کا مظہر بن گئے ہیں۔

لام ابتدائیہ عمری مضاف ومضاف الیہ مل کر مبتدا جس کی خبر یمین یا قسم وجوباً

محذوف ہے۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر قسم۔ لام مفتوح برائے جواب قسم قد حرف تحقیق اصبحت فعل ناقص بمعنی صارت فعل ناقص البحار اس کا اسم مظہر مضاف قوۃ الامم مضاف و مضاف الیہ مل کر مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم و خبر سے مل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جواب قسم۔

فی ذمتی لانت اسعد بهذا الصدیق اذا ظفرت به ممن ملک نفائس الدنیا و ذخائرها۔ میرے ذمہ کی قسم تو زیادہ سعادت مند ہے (اس دوست کے ساتھ جب کہ تو اس کو پانے میں کامیاب ہو جائے) اس سے جو دنیا کی نفیس چیزوں اور اس کے ذخیروں کا مالک ہے۔

فی جارۃ ذمتی مضاف و مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابت شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم جس کا مبتدا یمین یا یمینی محذوف ہے۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر قسم، لام مفتوح برائے جواب قسم۔ انت ضمیر مرفوع منفصل مبتدا اسعد شبہ فعل اسم تفضیل ب جارہ ھا حرف تنبیہ ذا اسم اشارہ مبدل منہ الصدیق بدل۔ مبدل منہ و بدل مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ اذا ظرفیہ مضاف ظفرت ماضی معروف واحد مذکر حاضر ت ضمیر مرفوع متصل فاعل به جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر اذا کا مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مفعول فیہ اسعد شبہ فعل کا۔ من جارہ من اسم موصول ملک ماضی واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل نفائس الدنیا مضاف و مضاف الیہ مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ ذخائرھا۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر معطوف۔ معطوف علیہ و معطوف مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق اسعد شبہ فعل کے۔ اسعد شبہ فعل اسم تفضیل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل، مفعول فیہ و متعلقین سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جواب قسم۔

وابیک ان زرتنی انی لشاکر۔

Marfat.com

تیرے باپ کی قسم اگر تو مجھ سے ملاقات کرے گا تو میں شکر گزار ہوں گا۔

واوَ جارہ للقسم ابیک مضاف با مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور متعلق اقسم فعل مقدر کے، فعل اپنے انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر قسم ان حرف مشبہ بالفعل ی ضمیر متکلم اس کا اسم لام مزحلقہ شاکر شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ ان اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جواب قسم۔ ان شرطیہ زرت ماضی معروف واحد مذکر حاضر ت ضمیر مرفوع متصل فاعل نون وقایہ ی ضمیر متکلم مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط جس کی جزا فانی لشاکر محذوف۔ ف جزائیہ انی لشاکر بترکیب سابق جملہ اسمیہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

ان الغنی ان احسن الی الْفُقَراءِ واللّٰہ لَیُحِبُّنَّہٗ۔

بیشک غنی اگر فقراء کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے تو بخدا وہ ضرور اس سے محبت کریں گے۔

ان حرف مشبہ بالفعل الغنی اس کا اسم ان شرطیہ احسن ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل الی الفقراء جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط جس کی جزا یحبوہ محذوف ہے۔ یحبوا مضارع معروف مجزوم بجواب شرط جمع مذکر غائب اس میں واوَ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے جملہ فعلیہ ہو کر جزا۔ شرط و جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

واللہ لیحبنہ۔

واللّٰہ بترکیب معلوم قسم لیحبن مضارع معروف مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ جمع مذکر غائب واوَ جمع مقدر فاعل ہ ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم۔

واللّٰہ من مدحک بما لیس فیک من الجمیل لقد ذمک۔

اللہ کی قسم جس نے تیری ایسی خوبی کے ساتھ تعریف کی جو تجھ میں نہیں تحقیق اس نے تیری مذمت کی۔

واللّٰہ بترکیب معلوم جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قسم لقد ذمک لام مفتوح برائے جواب قسم قد حرف تحقیق ذم ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جواب قسم۔ من شرطیہ مبتدا مدح ماضی معروف اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل ک ضمیر مفعول بہ ب جارہ ما اسم موصول لیس فعل ناقص اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل فی جارہ ک ضمیر مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابتاً شبہ فعل کے من الجمیل جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل ومتعلقین سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر ب کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط، جس کی جزا فقد ذمک محذوف ہے۔ ف جزائیہ قد حرف تحقیق ذمک فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

سبق نمبر 60 کی تراکیب

یا رسول اللّٰہ۔اے اللہ کے رسول۔

ترکیب گزر چکی ہے سبق نمبر 23۔

یا اللّٰہ۔اے اللہ

ترکیب گزر چکی ہے سبق نمبر 23۔

أیا ربنا ارحمنا۔اے ہمارے رب ہم پر رحم فرما۔

ایا حرف ندا قائم ادعو فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل ربنا مضاف بامضاف الیہ منادی مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا۔ارحم امر حاضر معروف اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل نا ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا۔

ھیا شریف القوم۔اے قوم کے شریف شخص۔

ھیا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے۔شریف القوم مضاف بامضاف الیہ منادی مفعول بہ۔فعل اپنے انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

ای ربنا استجب دعائنا۔اے ہمارے رب ہماری دعا قبول فرما۔

ای حرف ندا قائم مقام ادعو فعل کے ربنا مضاف ومضاف الیہ مل کر منادی مفعول بہ فعل اپنے انا ضمیر وجوبا مستتر فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا۔ استجب امر حاضر معروف اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل دعائنا مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا۔

أعبد اللہ اسمع کلامی۔اے عبداللہ میری بات سن۔

أحرف ندا قائم ادعو فعل کے عبداللّٰہ۔مضاف ومضاف الیہ مل کر منادی مفعول بہ

Marfat.com

فعل اپنے انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر ندا۔ اسمع امر حاضر معروف اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل کلامی مضاف ومضاف الیہ مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر جواب ندا۔

اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰہَ یَنْصُرْکُمْ۔ (1) اگر تم اللہ کے دین کی مدد کرو گے اللہ تمہاری مدد فرمائے گا۔

ان شرطیہ تنصروا جمع مذکر مخاطب مضارع مجزوم بان شرطیہ اس میں واؤ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل لفظ اللّٰہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ ینصرْ مضارع مجزوم واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل کم ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط وجزا مل کر جملہ شرطیہ۔

ان ترحم ترحم۔ اگر تو رحم کرے گا تو تجھ پر رحم کیا جائے گا۔

ان شرطیہ ترحم مضارع معروف مجزوم واحد مذکر حاضر اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ ترحم مضارع مجہول مجزوم واحد مذکر مخاطب۔ اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر نائب الفاعل۔ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

اذ ما تتق ترتق۔ اگر تو پرہیز کرے گا تو ترقی کرے گا۔

اذ ما حرف شرط جازم لامحل لھا فی الاعراب تتق مضارع معروف واحد مذکر حاضر اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ ترتق مضارع معروف اپنے انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط وجزا مل کر جملہ شرطیہ۔

لو احتمی المریض لسلم۔ اگر مریض پرہیز کرتا تو بچ جاتا۔

لو شرطیہ حرف امتناع لامتناع۔ احتمی ماضی معروف واحد مذکر غائب المریض اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ لام حرف جواب سلم ماضی

1۔ لفظ اللہ اسم جلالت سے قبل ''دِیْنَ'' مضاف مقدر ہے۔

معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ۔ اگر میں از خود غیب جانتا تو خیر کثیر جمع کر لیتا۔

لو حرف امتناع لامتناع کنت فعل ناقص واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل اس کا اسم اعلم فعل میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل الغیب مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر خبر۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ لام حرف جواب اِسْتَكْثَرْتُ ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل من حرف جار الخیر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط وجزا مل کر جملہ شرطیہ۔

لولا الھواء ماعاش الانسان۔ اگر ہوا نہ ہوتی تو انسان زندہ نہ رہتا۔

لولا حرف امتناع لوجود متضمن معنی شرط۔ الھواء مبتدا جس کی خبر موجود وجوبًا محذوف ہے۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوکر شرط۔ مانافیہ عاش ماضی معروف واحد مذکر غائب الانسان فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط کی جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

لوما التعب ما کانت الراحة۔ اگر تھکاوٹ نہ ہوتی تو آرام نہ ہوتا۔

لوما حرف امتناع لوجود متضمن معنی شرط لا محل لھا فی الاعراب التعب مبتدا جس کی خبر موجود وجوبًا محذوف ہے۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہوکر شرط۔ مانافیہ کانت فعل ناقص اَلرَّاحَةُ اس کا اسم جس کی خبر موجودة محذوف ہے۔ فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

لما نزل المطر ربی الزرع۔ جب بارش ہوئی کھیتی بڑھی۔

لما ظرف زمان۔ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم نزل ماضی معروف واحد مذکر غائب المطر اس کا فاعل، فعل اپنے فاعل ومفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔

ربی ماضی معروف واحد مذکر غائب الزرع اسکا فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط و جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

کلما رایت فَقِیرًا عطفت علیه۔ جب بھی میں نے فقیر کو دیکھا اس پر مہربانی کی۔

کلما ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم رایت فعل ماضی معروف ت ضمیر متصل فاعل فقیرا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ مقدم و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ عطفت ماضی معروف ت ضمیر متصل فاعل علیه جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جواب شرط۔ شرط و جواب مل کر جملہ شرطیہ۔

اذا مرضت فاذهب الی الطبیب۔ جب تو بیمار ہو تو طبیب کے پاس جا۔

اذا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم مرضت ماضی معروف واحد مذکر حاضر ت ضمیر مرفوع متصل فاعل فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ ف حرف رابط لجواب الشرط۔ اذهب امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل الی الطبیب جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جزا۔ شرط و جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

اذا الطبیب نصح لک فاعمل بنصحه۔

جب ڈاکٹر تجھے نصیحت کرے تو اس کی نصیحت پر عمل کر۔

اذا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم نصح ماضی معروف واحد مذکر غائب محذوف الطبیب اس کا فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر مفسَر نصح فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل اور (لک جار مجرور متعلق فعل کے) متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر مفسِر۔ مفسَر و مفسِر مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ ف حرف رابط لجواب الشرط۔ اعمل امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ب جارہ نصح مصدر مضاف اپنے ہ ضمیر مضاف الیہ سے مل کر مجرور جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جواب شرط۔ شرط و جواب شرط مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ۔

مصایف مصر جمیلة اما الاسکندریة فاوفرها عمرانا اکثرها سکانا۔

Marfat.com

مصر کے گرمائی مقام خوبصورت ہیں رہا سکندریہ تو از روئے آبادی گنجان ہے اور اس کے رہائشی بھی زیادہ ہیں۔

مصایف مصر مضاف ومضاف الیہ مل کر مبتدا جملۃ شبہ فعل اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا وخبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

اما الاسکندریۃ.....الخ۔ اصل میں مھما یکن من شیء فالاسکندریۃ اوفرھا.....الخ۔

اما حرف شرط وتفصیل قائم مقام مھما۔ مھما اسم شرط مبتدا یکن فعل تام وفعل شرط واحد مذکر اس میں ھو ضمیر وجوبًا مستتر اس کا فاعل من شیء جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل ومتعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ ف جزائیہ۔ الاسکندریۃ مبتدا اوفر شبہ فعل اسم تفضیل مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ عمرانا تمیز عن النسبۃ، شبہ فعل مضاف اپنے (1) ھو ضمیر مستتر فاعل اور مضاف الیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر معطوف علیہ واوٗ عاطفہ اکثر شبہ فعل اسم تفضیل مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ سُکّانًا تمیز عن النسبۃ۔ شبہ فعل مضاف اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل ومضاف الیہ وتمیز سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر معطوف۔ معطوف علیہ بامعطوف خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزا۔ شرط جزا مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

1۔ دلیل النحو میں یہاں مبتدا کے مطابق ھی ضمیر مستتر فاعل مذکور ہے صفحہ 14/5۔

Marfat.com

سبق نمبر 61 کی تراکیب

اسلما۔تم دوا سلام لاؤ۔تم دوسر تسلیم خم کردو۔

اسلما امر حاضر معروف تثنیہ مذکر اس میں الف تثنیہ ضمیر مرفوع متصل فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

یا رجلا للفقیر۔اے مرد میں فقیر کے لیے مدد طلب کرتا ہوں۔

یا حرف ندا قائم استغیث فعل کے اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل رجل مستغاث بہ مفعول بہ الف استغاثہ لام جارہ الفقیر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

أنصرنان۔تم عورتیں ضرور مدد کرو۔

انصرنان۔امر حاضر معروف مؤکد بنون ثقیلہ جمع مونث مخاطب نون نسوہ ضمیر مرفوع متصل فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

الرجل خیر من المرأة۔جنس مرد جنس عورت سے بہتر ہے۔

الرجل مبتدا خیر شبہ فعل من المرأة۔ جار مجرور متعلق شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل ھو ضمیر مستتر و متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ۔تمام افراد انسانی خسارے میں ہیں۔

ان حرف مشبہ بالفعل الانسان اس کا اسم لام مزحلقہ فی خسر جار مجرور متعلق ثَابِتٌ شبہ فعل کے۔شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ۔جو تمہیں اللہ کا رسول دے وہ لے لو۔

ما اسم شرط جازم مفعول بہ مقدم اتی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب کم ضمیر

منصوب متصل مفعول بہ الرسول فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر شرط۔ ف حرف رابط لجواب الشرط خذوا امر حاضر معروف جمع مذکر اس میں واؤ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر جواب شرط۔ شرط وجواب شرط مل کر جملہ شرطیہ۔

اَخَافُ اَنْ یَّاْکُلَهُ الذِّئْبُ۔ میں ڈرتا ہوں کہ اسے کوئی بھیڑیا کھا جائے گا۔

اخاف مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ان ناصبہ موصول حرفی یاکل مضارع معروف منصوب واحد مذکر غائب ہ ضمیر معفول بہ الذئب فاعل۔ اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ۔ موصول حرفی اپنے صلہ سے مل کر بتاویل مفرد ہوکر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

دخل المدرس فوقف التلامیذ۔ مدرس داخل ہوا تو فوراً طلبہ کھڑے ہوگئے۔

دخل ماضی معروف واحد مذکر المدرس اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ ف عاطفہ وقف ماضی معروف التلامیذ اس کا فاعل فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ معطوفہ۔

تولی الخلافة ابوبکر و عثمان۔ ابوبکر وعثمان رضی اللہ عنہما خلافت کے والی بنے۔

تولی ماضی معروف واحد مذکر غائب الخلافة مفعول بہ ابوبکر مضاف با مضاف الیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ عثمان معطوف، معطوف علیہ با معطوف فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

نقل الخبر علی او فرید۔ خبر علی نے یا فرید نے منتقل کی۔

نقل ماضی معروف واحد مذکر غائب الخبر مفعول بہ مقدم علی معطوف علیہ او عاطفہ فرید معطوف۔ معطوف علیہ ومعطوف مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

خذ وردة اوفاکهة۔ چاہے گلاب کا پھول لے یا پھل۔

خذ امر حاضر معروف واحد مذکر اس میں انت ضمیر وجوبًا مستتر فاعل وردة معطوف

علیہ او عاطفۃ فاکھۃ معطوف، معطوف علیہ و معطوف مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

أکتاب عندک ام قلم۔ کیا تیرے پاس کتاب ہے یا قلم۔

أ حرف استفہام لامحل لها فی الاعراب کتاب معطوف علیہ ام عاطفہ قلم معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مبتدا۔ عندک مضاف و مضاف الیہ مل کر مفعول فیہ ثابت شبہ فعل کا۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و مفعول فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔

أنجح التلمیذ فی الامتحان ام رسب۔

کیا طالب علم امتحان میں کامیاب ہوا یا ناکام۔

أحرف استفہام لامحل لها فی الاعراب نَجَحَ ماضی معروف واحد مذکر غائب التلمیذ فاعل فی الامتحان جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ۔ ام عاطفہ رسب ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ معطوفہ۔

انها لابل ام شاة۔ بے شک وہ اونٹ ہے بلکہ بکری ہے۔

ان حرف مشبہ بالفعل ھا ضمیر اس کا اسم لام مزحلقہ ابل معطوف علیہ ام عاطفہ لِلْاِضراب شاة معطوف۔ معطوف علیہ و معطوف مل کر خبر۔ ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

اِشْتَرَیْتُ دَوَاةً بل قلما ۔ میں نے دوات بلکہ قلم خریدا۔

اِشْتَرَیْتُ ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل دواة معطوف علیہ بل عاطفہ برائے اضراب قلما معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

جاء السید لا خادمه۔ خاص سردار آیا نہیں (بلکہ) اس کا خادم آیا۔

جاء ماضی معروف واحد مذکر السید معطوف علیہ لا عاطفہ لنفی الحکم خادمه مضاف با

Marfat.com

مضاف الیہ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ماحضر الولد لکن استاذہ۔ بچہ نہیں آیا لیکن اس کا استاد (آیا)۔

ما نافیہ حضر ماضی معروف واحد مذکر غائب الولد معطوف علیہ لکن عاطفہ برائے استدراک استاذہ مضاف با مضاف الیہ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوف فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

فر الجنود حتی القائد۔ سپاہی بھاگے حتی کہ سپہ سالار بھی۔

فر ماضی معروف واحد مذکر غائب۔ الجنود معطوف علیہ حتی عاطفہ القائد معطوف، معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَاللّٰہِ.....الخ۔

ترکیب سبق نمبر 17 میں گزر چکی ہے۔

اما واللہ لانصرنہ۔ آگاہ رہو اللہ کی قسم میں ضرور اس کی مدد کروں گا۔

اما حرف تنبیہ لامحل لھا فی الاعراب واللّٰہ بترکیب سابق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم لأنصرن مضارع معروف مؤکد بلام تاکید ونون ثقیلہ اپنے انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل اور ہ ضمیر منصوب متصل مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب قسم۔

ھا انتم ھٰؤلاء تحبونھم۔ سنو تم تو وہ (پاک دل) ہو کہ محبت کرتے ہو ان سے۔

ھا حرف تنبیہ لامحل لھافی الاعراب انتم ضمیر مرفوع منفصل مبتدا۔ اولاء اسم اشارہ مبنی بر کسرہ مبتدا تحبون مضارع معروف جمع مذکر مخاطب اس میں واؤ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل ھم ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل ومفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

أانت تقول لہ الصدیق قال نعم۔ کیا آپ بھی انہیں صدیق کہتے ہیں انہوں (حضرت امام باقر) نے کہا جی ہاں۔

أحرف استفہام انت ضمیر مرفوع منفصل مبتدا تقول مضارع معروف واحد مذکر حاضر

Marfat.com

اس میں انت ضمیر مستتر فاعل لہ جار مجرور متعلق فعل کے۔ الصدیق خبر مبتدا محذوف ھُوَ کی۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ محلا منصوب مفعول بہ (مقولہ) فعل اپنے فاعل و متعلق مفعول بہ (مقولہ) سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ۔ قال فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ نعم حرف ایجاب لامحل لھافی الاعراب۔

الم تحفظ درسک۔ کیا تو نے اپنا سبق یاد نہیں کیا۔ قال نعم اس نے کہا جی ہاں۔

احرف استفہام لم تحفظ مضارع مجزوم بلم واحد مذکر حاضر اس میں انت ضمیر مستتر فاعل درسک مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔ قال ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل نعم حرف ایجاب لامحل لھا فی الاعراب۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ انشائیہ۔

الم تر حدیقتنا۔ کیا تم نے ہمارا باغیچہ نہیں دیکھا۔

احرف استفہام لم تر مضارع معروف مجزوم بلم اس میں انت ضمیر مستتر فاعل حدیقتنا مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل فاعل مفعول بہ مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

قال بلی۔ اس نے کہا کیوں نہیں۔

قال فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ بلی حرف ایجاب لا محل لھا فی الاعراب۔

ای و اللہ انہ لحق۔ ہاں اللہ قسم بیشک یہ حق ہے۔

ای حرف جواب بمعنی نعم لامحل لھا فی الاعراب واللہ بترکیب سابق جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر قسم ان اپنے اسم و خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر جواب قسم۔

ھلا حفظت درسک۔ تو اپنے سبق یاد کیوں نہیں کیا۔

ھلا حرف توبیخ حفظت فعل ماضی معروف ت ضمیر متصل فاعل درسک مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

لو لا اجتھدت فی التعلیم۔ تو نے علم حاصل کرنے میں کوشش کیوں نہیں کی۔

لو لا حرف توبیخ اَجْتَھَدْتَّ ماضی معروف واحد مذکر حاضرت ضمیر مرفوع متصل فاعل

Marfat.com

فی التعلیم۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

الا تجتھدون فی دروسکم۔ تم اپنے اسباق یاد کرنے میں کوشش کیوں نہی کرتے؟

الا حرف تحفیض تَجْتَھِدُوْنَ مضارع معروف جمع مذکر حاضر اس میں واؤ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل فی جارہ دروسکم مضاف با مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

لولا یعذبنا اللہ بما نقول۔

اللہ تعالیٰ ہمیں کیوں عذاب نہیں دیتا بسبب اس کے جو ہم کہتے ہیں۔

لولا حرف تحضیض یعذب مضارغ معروف واحد مذکر غائب ناضمیر متصل مفعول بہ۔ لفظ اللہ اسم جلالت فاعل ب جارہ ما موصولہ نقول مضارع معروف جمع متکلم اس میں نحن ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ۔

نادینہ ان یا براھیم۔ ہم نے آواز دی اے ابراہیم۔

اصل میں نادینہُ بلَفْظِ اَن یا ابراھیم

نَادَیْنَا ماضی معروف جمع متکلم نَا ضمیر مرفوع متصل فاعل ہٗ ضمیر مفعول بہ ب جارہ لَفْظِ مفسر اَنْ مفسرہ یا حرف ندا قائم مقام فعل اَدْعُوْ واحد متکلم اس میں انا ضمیر مستتر فاعل۔ ابراھیم منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر مفسر۔ مفسر و مفسر مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ۔ ہدایۃ النحو صفحہ 140۔

ھو مدنی اَیْ منسوب الی المدینۃ۔

ھو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا مدنی اسم منسوب اپنے ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر مفسر ای حرف تفسیر منسوب شبہ فعل اسم مفعول اپنے ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مبتدا محذوف ھُوَ

Marfat.com

کی خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ مفسرہ۔

حضر جَمِیْعُ التلامیذ فی الدرس الا واحد۔

سبق میں تمام شاگرد حاضر ہوئے سوائے ایک کے۔

حضر ماضی معروف واحد مذکر غائب جَمِیْعُ التلامیذ مضاف با مضاف الیہ مستثنی منہ فی الدرس جار مجرور متعلق فعل کے۔ الا حرف استثنا واحدا مستثنی۔ مستثنی منہ و مستثنی مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ۔

ان کل نفس لما علیھا حافظ۔ کوئی شخص ایسا نہیں جس پر کوئی محافظ نہ ہو۔

ان نافیہ کل مضاف نفس مضاف الیہ۔ مضاف و مضاف الیہ مل کر مبتدا لما استثنائیہ عَلَیْھَا جار مجرور متعلق شبہ فعل حَافِظٌ کے۔ شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ۔

یفرحک ان تنجح۔ تیرا کامیاب ہونا تجھے خوش کرتا ہے۔

یفرح مضارع معروف واحد مذکر غائب ک ضمیر منصوب متصل مفعول بہ ان ناصبہ، موصول حرفی تنجح مضارع معروف واحد مذکر حاضر اس میں انت ضمیر وجوبا مستتر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ بتاویل مفرد ہو کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ۔

وضاقت علیھم الارض بما رحبت۔ وسیع ہونے کے باوجود ان پر زمین تنگ ہو گئی۔

واؤ مستانفہ ضاقت فعل ماضی واحد مونث غائب۔ عَلَیْھِمُ جار مجرور متعلق ضاقت فعل کے الارض فاعل ب جار ما مصدریہ موصول حرفی رحبت فعل ماضی واحد مونث غائب اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل۔ فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر صلہ۔ موصول صلہ مل کر ب حرف جار کا مجرور۔ جار مجرور متعلق ضاقت فعل کے، فعل اپنے فاعل اور متعلقین سے مل کر جملہ فعلیہ۔

یود احدھم لو یعمر الف سنۃ۔

ان میں سے ہر ایک ہزار سال زندہ رہنا پسند کرتا ہے۔

Marfat.com

یَوَدُّ فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب احدھم مضاف با مضاف الیہ فاعل لو مصدریہ۔ یعمر فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل الف ممیّز مضاف۔ سنة تمییز مضاف الیہ۔ ممیّز تمییز مل کر مفعول فیہ۔ فعل اپنے نائب الفاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ بتاویل مصدر ہو کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔

یسرنی انک مطیع۔ تیرا اطاعت کرنا مجھے خوش کرتا ہے۔

یسر فعل مضارع معروف نون وقایہ ی ضمیر مفعول بہ ان حرف از حروف مشبہہ بالفعل۔ ک ضمیر اس کا اسم مطیع شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر ان اپنے اسم اور خبر سے مل کر بتاویل مفرد ہو کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ذھبت الی بھیرہ کی انظر دار العلوم المحمدیہ الغوثیة۔

میں بھیرہ کی طرف دار العلوم محمدیہ غوثیہ دیکھنے گیا۔

ذھبت فعل ماضی معروف واحد متکلم اس میں تُ ضمیر مرفوع متصل فاعل الی حرف جار۔ بھیرہ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ۔ کَیْ ناصبہ۔ انظر فعل مضارع معروف واحد متکلم اس میں انا ضمیر مستتر وجوبا فاعل دار العلوم مضاف با مضاف الیہ موصوف المحمدیة صفت اول الغوثیة صفت دوم۔ موصوف دونوں صفات سے مل کر انظر کا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ معللہ۔

کلا انھا لظی نزاعة للشوٰی۔

ہرگز نہیں بے شک آگ بھڑک رہی ہوگی جو گوشت پوست کو نوچ لے گی۔

کلا حرف تردید ان حرف از حروف مشبہہ بالفعل۔ ھا ضمیر اس کا اسم لظی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر ذوالحال نزاعة شبہ فعل لام حرف جار۔ الشوی مجرور جار مجرور متعلق شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھی ضمیر فاعل و متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر

Marfat.com

حال۔ حال اور ذوالحال مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ ان اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

کلا سیعلمون۔ وہ یقیناً جان لیں گے۔

کلا بمعنی حقا سیعلمون س برائے استقبال۔ یعلمون فعل مضارع جمع مذکر غائب اس میں واؤ جمع ضمیر مرفوع متصل فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

أطلعت الشمس، هل طلعت الشمس۔

کیا سورج طلوع ہوا؟

أ حرف استفہام لا محل لها فی الاعراب طلعت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الشمس فاعل۔ فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ۔ هل حرف استفہام لا محل لها فی الاعراب۔ طلعت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب الشمس فاعل۔ فعل با فاعل جملہ فعلیہ انشائیہ۔

اصباحا حضرت ام مساء۔ کیا تو صبح کو آیا یا شام کو۔

احرف استفہام لا محل لها فی الاعراب۔ صباحا معطوف علیہ، حضرت فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب۔ ت ضمیر مرفوع متصل فاعل ام حرف عطف مساء معطوف معطوف اور معطوف علیہ مل کر مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

قد افلح من زکھا۔ تحقیق وہ فلاح پا گیا جس نے تزکیہ نفس کر لیا۔

قد حرف تحقیق افلح فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب من اسم موصول زکی فعل ماضی معروف اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ ھا ضمیر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ۔

قد یجود البخیل۔ کبھی بخیل بھی سخاوت کرتا ہے۔

قد برائے تقلیل۔ یجود فعل مضارع واحد مذکر غائب البخیل فاعل۔ فعل با فاعل

Marfat.com

جملہ فعلیہ خبریہ۔

قد یقدم المسافر اللیلۃَ۔آج رات مسافر کے آنے کی توقع ہے۔

قد حرفیہ برائے توقع۔ یقدم فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب المسافر فاعل۔اللیلۃ مفعول فیہ۔فعل اپنے فاعل ومفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

ب حرف جار، اسم مضاف لفظ اللہ اسم جلالت موصوف الرحمٰن شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت اول۔الرحیم شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت ثانی، موصوف اپنی دونوں صفتوں سے مل کر مضاف الیہ مضاف با مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق اَشۡرَعُ فعل کے اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل۔فعل با فاعل با متعلق جملہ فعلیہ خبریہ معنی انشائیہ۔

ھذا نبی کریم۔یہ نبی کریم ہیں۔

ھذا اسم اشارہ مبتدا نبی موصوف کریم شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت، موصوف با صفت خبر۔مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

القرآن المجید کلام اللہ۔قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

القرآن موصوف المجید شبہ فعل اپنے ھُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف با صفت مبتدا۔کلام اللہ مضاف با مضاف الیہ خبر، مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ جزائیہ۔

زھرۃ صفراء ذبلت۔زرد پھول مرجھا گیا۔زرد پھول مرجھایا ہوا ہے۔

زھرۃ صفراء موصوف با صفت مبتدا۔ذبلت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل۔فعل با فاعل جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

الذی یعجبنی فی دار لعلوم المحمدیہ الغوثیہ نظامھا و تعلیمھا۔

وہ چیز جو مجھے دار العلوم محمدیہ غوثیہ میں خوش کرتی ہے وہ اس کا نظام اور اس کی تعلیم ہے۔

الذی اسم موصول۔ یعجب فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ نون وقایہ ی ضمیر مفعول بہ۔ فی حرف جار۔ دار مضاف، العلوم مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ موصوف المحمدیہ صفت اول الغوثیہ صفت دوم۔ موصوف اپنی صفت اول اور صفت دوم سے مل کر فی کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل فاعل متعلق مل کر جملہ فعلیہ ہو کر الذی کا صلہ۔ موصول صلہ مل کر مبتدا۔ نظامھا مضاف با مضاف الیہ معطوف علیہ واؤ عاطفہ تَعْلِیْمُھَا مضاف با مضاف الیہ معطوف۔ معطوف علیہ اور معطوف مل کر خبر۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ۔

فی البستان حارس۔ باغ میں چوکیدار ہے۔

فی جارہ، البستان مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابت شبہ فعل کے اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر مقدم۔ حارس مبتدا مؤخر، مبتدا موخر اور خبر مقدم مل کر جملہ اسمیہ۔

یقطع القطار المسافۃ من لاھور الی راولفندی فی ثلاث ساعات و عشرین دقیقۃ۔

ریل گاڑی لاہور سے راولپنڈی تک کا فاصلہ تین گھنٹے اور بیس منٹ میں طے کرتی ہے۔

یقطع فعل مضارع معروف، القطار فاعل، المسافۃ مفعول بہ من حرف جار لاھور مجرور جار مجرور متعلق فعل کے، الی جارہ راولفندی مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فی جارہ ثلاث ممیّز مضاف ساعات تمیز مضاف الیہ، ممیّز مضاف اپنی تمیز مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ عشرین ممیّز دقیقۃ تمیز، ممیّز تمیز مل کر معطوف، معطوف علیہ اور معطوف مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل، مفعول اور متعلقات سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

الٓمّٓ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ

الٓمّٓ (حروف مقطعات) وہ کتاب جس میں کوئی شک نہیں۔

الٓمّٓ حروف مقطعات، ذٰلِكَ الْكِتٰبُ مبدل منہ اور بدل مل کر مبتدا لا نفی جنس ریب اس

Marfat.com

کا اسم فِیْہِ جار مجرور متعلق ثابت شبہ فعل کے اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ لانفی جنس اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

الریاضة تنشط الجسم۔

ورزش جسم کو چست بناتی ہے۔

الریاضة مبتدا، تنشط فعل مضارع معروف واحد مونث غائب اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل الجسم مفعول بہ، فعل با فاعل با مفعول بہ جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

تسلقت شَجَرَةً غلیظا جذعها۔

میں اس درخت پر چڑھا جس کا تنا سخت تھا، موٹا تھا۔

تسلقت فعل ماضی معروف واحد متکلم اس میں ت ضمیر مرفوع متصل فاعل، شجرة موصوف، غلیظا شبہ فعل، جذعها مضاف با مضاف الیہ شبہ فعل کا فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت۔ موصوف صفت مل کر مفعول بہ۔ فعل با فاعل با مفعول بہ جملہ فعلیہ خبریہ۔

واذا طفت فی انحاء لاهور وجدت قصورا شامخا بنیانها۔

اور جب تو لاہور کے اطراف میں چکر لگائے گا تو تو ایسے محلات کو پائے گا جن کی دیواریں بلند ہیں، جن کی عمارتیں بلند ہیں۔

واؤ مستانفہ اذا ظرفیہ متضمن معنی شرط مفعول فیہ مقدم طفت فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب ت ضمیر مرفوع متصل فاعل فی حرف جار اَنْحَاءِ مضاف لاهور مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر فی حرف جار کا مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل متعلق اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ وجدت فعل ماضی معروف واحد مذکر مخاطب اس میں ت ضمیر مرفوع متصل فاعل قصوراً موصوف شامخا شبہ فعل بنیانها مضاف، مضاف الیہ مل کر فاعل۔ شبہ اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر صفت۔ موصوف

Marfat.com

صفت مل کر وجدت کا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزاء، شرط اور جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

ماضاعت الا متعة الا حقيبة۔ سامان گم نہیں ہوا مگر ایک بستہ۔

ما نافیہ ضاعت فعل ماضی معروف واحد مونث الا متعة مستثنیٰ منہ الا حرف استثنا، حقيبة مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ اپنے مستثنیٰ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

ابصرت الطائر فوق الغصن وسمعته يغرد تغريدا حسنا۔

میں نے پرندے کو ٹہنی کے اوپر دیکھا اور میں نے اسے سنا اس حال میں کہ وہ خوب انداز میں چہچہا رہا تھا۔

ابصرت فعل ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل الطائر ذوالحال فَوْقَ مضاف الغُصْنِ مضاف الیہ۔ مرکب اضافی مفعول فیہ ثابت شبہ فعل کا۔ شبہ فعل میں هُوَ ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل اور ظرف سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال، ذوالحال اور حال مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ۔ واوٗ عاطفہ سمعت فعل ماضی معروف ت ضمیر مرفوع متصل فاعل ہ ضمیر ذوالحال یغرد فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ تَغْرِيدًا موصوف حَسَنًا شبہ فعل اپنے هُوَ ضمیر مستتر فاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر صفت، موصوف صفت مل کر نائب مفعول مطلق۔ فعل اپنے فاعل اور نائب مفعول مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر حال۔ ذوالحال حال مل کر سمعت فعل کا مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معطوفہ۔

ركبت الحصان و هو مُتْعَبٌ۔

میں گھوڑے پر سوار ہوا اس حال میں کہ وہ تھکا ہوا تھا۔

رکبت فعل ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل الحصان ذوالحال واوٗ حالیہ ھو ضمیر مرفوع منفصل مبتدا متعب شبہ فعل اسم مفعول، اس میں ھو ضمیر نائب الفاعل۔ شبہ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر

Marfat.com

حال۔ذوالحال حال مل کر مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

لعب الاطفال فی نشاط و عادوا مسرورین۔

بچے چستی سے کھیلے اور خوشی خوشی لوٹے۔

لعب فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب **الاطفال** لعب فعل کا فاعل **فی نشاط** جار مجرور متعلق فعل کے۔فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ **عادوا** فعل ماضی معروف جمع مذکر غائب اس میں واو جمع ضمیر مرفوع متصل ذوالحال **مسرورین** شبہ فعل (اسم مفعول) اس میں ھم ضمیر مستتر نائب الفاعل۔شبہ فعل اپنے نائب الفاعل سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر حال۔ذوالحال حال میں مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ معطوفہ۔

یقتتل الفلاحون علی شبر ارض یغتصبه احدهم من الآخر۔

کسان ایک بالشت زمین پر لڑتے ہیں اسے ایک دوسرے سے غصب کرتے ہوئے۔

یقتتل فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب **الفلاحون** ذوالحال، **علی** جارہ **شبر ارض** ممیّز مضاف باتمییز مضاف الیہ مجرور۔جار مجرور متعلق فعل کے۔**یغتصب** فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب ہ ضمیر مفعول بہ۔**احد هم** مضاف با مضاف الیہ فاعل۔ **من الآخر** جار مجرور مل کر متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر **الفلاحون** کا حال۔حال ذوالحال مل کر فاعل۔فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

یارجال اتقنوا اعمالکم۔اے مردو! اپنے کاموں کو پختہ کرو۔

یا حرف ندا قائم مقام اَدْعُو فعل محذوف کے اس میں افا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل **رجال** منادی مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر نداء۔**اتقنوا** فعل امر حاضر معروف جمع مذکر اسمیں واؤ جمع فاعل ضمیر متصل **اعمالکم** مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ۔فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جواب نداء۔

یا ظالما تبصر فی العواقب۔اے ظالم! انجاموں، نتائج میں غور کر۔

Marfat.com

یا حرف ندا قائم مقام ادعو فعل محذوف کے اس میں انا ضمیر وجوبًا مستتر فاعل ظالما منادی مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور منادی مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر نداء۔ تبصر فعل امر حاضر معروف واحد مذکر مخاطب اس میں انت ضمیر مرفوع وجوبًا مستتر فاعل فی جارہ العواقب مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر جواب نداء۔

الملک کله لله۔ تمام ملک (بادشاہی) اللہ تعالیٰ کے ہی کے لیے ہے۔

الملک موکد کلہ مضاف بامضاف الیہ تاکید موکد تاکید۔ مل کر مبتدا۔ لام جارہ، لفظ اللہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابت شبہ فعل کے اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

رکبت الزورق عینه مع صدیقی کلیهما۔

میں بعینہ اسی چھوٹی کشتی پر اپنے دونوں دوستوں کے ساتھ سوار ہوا۔

رکبت ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل الزورق موکد عینہ مضاف بامضاف الیہ تاکید۔ موکد تاکید مل کر مفعول بہ مع مضاف صدیقی مضاف بامضاف الیہ موکد کلیھا، مضاف بامضاف الیہ تاکید موکد تاکید مل کر مع کا مضاف الیہ۔ مضاف بامضاف الیہ مفعول فیہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ و مفعول فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

اذھبوا انتم انفسکم الی الناظر۔ تم خود افسر کے پاس جاؤ۔

اذھبوا امر حاضر معروف جمع مذکر اس میں واؤ جمع ضمیر متصل موکد انتم تاکید موکد تاکید مل کر موکد انفسکم۔ مضاف بامضاف الیہ تاکید، موکد تاکید مل کر فاعل الی الناظر جار مجرور متعلق فعل کے۔ فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

مشیت وسور الحدیقة۔ میں باغیچہ کی دیوار، باڑ کے ساتھ چلا۔

مشیت ماضی معروف واحد متکلم ت ضمیر مرفوع متصل فاعل واؤ معیت سور الحدیقة مرکب اضافی مفعول معہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول معہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

الشجرة تنمو و تثمر۔ درخت نشوونما پاتا ہے اور پھل لاتا ہے۔

Marfat.com

الشجرة مبتداتنمو مضارع معروف واحد مونث غائب اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف علیہ واؤ عاطفہ تُثْمِرُ، مضارع معروف واحد مونث غائب اپنے ھی ضمیر مستتر فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہوکر معطوف، معطوف علیہ با معطوف خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

ألا تحب الاقامة فی القری؟ کیا تو دیہاتوں میں ٹھہرنا رہنا پسند نہیں کرتا۔

أحرف استفہام لانافیہ تحب مضارع معروف واحد مذکر حاضر اس میں انت ضمیر مستتر فاعل الاقامة شبہ فعل فی القری جار مجرور متعلق شبہ فعل کے۔ شبہ فعل اپنے متعلق سے مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل و مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

لیحرص کل انسان علی اداء واجبه۔

ہر انسان کو اپنا فرض ادا کرنے پر حریص ہونا چاہیے۔

لیحرص امر غائب معروف واحد مذکر کل انسان مضاف با مضاف الیہ فاعل۔ علی جارہ اداء مضاف واجبہ مضاف با مضاف الیہ اداء کا مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل و متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ۔

الحمد الله قد خرجت البلاد من هذه النازلة سليمة ظافرة۔

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں کہ (ملک) شہر اس مصیبت سے محفوظ و کامیاب ہوکر نکل گئے ہیں۔

الحمد مبتدا لام جارہ لفظ اللّٰہ اسم جلالت مجرور۔ جار مجرور متعلق مُسْتَحَقٌّ شبہ فعل کے اس میں ھو ضمیر مستتر نائب الفاعل۔ شبہ فعل اپنے نائب الفاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر۔ مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ۔ قد برائے تقریب الماضی من الحال، خرجت فعل ماضی معروف واحد مونث غائب، البلاد ذوالحال، من حرف جار، هذه اسم اشارہ مبدل منہ، النازلة بدل، مبدل منہ اور بدل مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، سليمة حال اول ظافرة حال ثانی، ذوالحال اپنے احوال مترادفہ سے مل کر فاعل۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔

Marfat.com

من طلب العلا من غیر کد اضاع العمر فی طلب المحال۔

جس نے بغیر کوشش کے بلندیوں کو چاہا تو اس نے عمر کو محال چیز کی طلب میں ضائع کر دیا۔

من شرطیہ مبتدا، طلب فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل العلا مفعول بہ۔ من حرف جار، غیر کد مضاف با مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر شرط۔ اضاع فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل العمر مفعول بہ فی حرف جارہ طلب المحال مضاف با مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر جزا، شرط اور جزا مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

لو عرف الانسان مقدارہ لم یفخر المولی علی عبدہ۔

اگر انسان اپنی قدر کو جان لیتا تو آقا اپنے غلام پر فخر نہ کرتا۔

لو شرطیہ عرف فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب الانسان فاعل مقدارہ مضاف با مضاف الیہ مفعول بہ۔ فعل با فاعل با مفعول بہ جملہ فعلیہ ہو کر شرط۔ لَمْ یَفْخَرْ فعل مضارع معروف مجزوم واحد مذکر غائب المولی فاعل علی جارہ، عبدہ مضاف با مضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور مل کر متعلق فعل کے، فعل با فاعل با متعلق جملہ فعلیہ ہو کر جزاء، شرط اور جزا مل کر جملہ شرطیہ۔

صدیقی من یردا الشر عنی و یرمی بالعداوۃ من رمانی۔ میرا دوست وہ ہے جو مجھ سے شر کو دور کرتا ہے اور اس سے دشمنی کرتا ہے جو مجھ سے دشمنی کرے۔

صدیقی مضاف با مضاف الیہ مبتدا من اسم موصول، یرد فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل، الشر مفعول بہ عنی جار مجرور متعلق فعل کے، فعل اپنے فاعل مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف علیہ واؤ عاطفہ یرمی فعل مضارع معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل، ب حرف جارہ، العداوۃ مجرور، جار

Marfat.com

مجرور متعلق فعل کے، من اسم موصول، رَمٰی فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب، نون وقایہ ی ضمیر مفعول بہ، فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ، موصول صلہ مل کر بتاویل منفرد ہو کر مفعول بہ، فعل اپنے فاعل، مفعول بہ اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر معطوف، معطوف علیہ اور معطوف مل کر من اسم موصول کا صلہ موصول صلہ مل کر بتاویل مفرد ہو کر خبر۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

وما الحسن فی وجه الفتی شر فاله اذا لم یکن فی فعله والخلائق۔

نوجوان کے چہرے کا حسن اس کے لئے وجہ شرف نہیں ہے جبکہ اس کے عمل و عادات میں شرافت نہ ہو۔

ما مشبہ بلیس الحسن ذوالحال فی حرف جار وجه الفتی مضاف بامضاف الیہ مجرور، جار مجرور متعلق ثابتا شبہ فعل کے شبہ فعل اپنے ھو ضمیر مستتر فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر حال۔ حال ذوالحال مل کر اسم شر فا شبہ فعل، له جار مجرور متعلق شبہ فعل کے، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر خبر۔ ما مشابہ بلیس اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر جزاء مقدم۔ اذا ظرفیہ متضمن شرط مفعول فیہ مقدم، لم جازمہ یکن فعل از افعال ناقصہ اس میں ھو ضمیر مستتر اس کا اسم فی حرف جارہ، فعله مضاف بامضاف الیہ معطوف علیہ واوٗ عاطفہ الخلائق معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور جار مجرور متعلق ثابتاً شبہ فعل کے، اس میں ھو ضمیر مستتر فاعل۔ شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر۔ فعل از افعال ناقصہ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط موخر، شرط موخر اور جزا مقدم مل کر جملہ شرطیہ۔

بنفسی هذه الارض ما اطیب الربا و ما احسن المصطاف والمتربعا۔

ب جارہ نفسی مضاف بامضاف الیہ مجرور۔ جار مجرور متعلق ثابِتَۃً فعل کے اس میں ھی ضمیر مستتر فاعل، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر مقدم، هذه مبدل منہ الارض بدل، مبدل منہ اور بدل مل کر خبر مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔ مَا بمعنی شیء مبتدا۔ اطیب فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر علی خلاف اصل وجوبا مستتر

Marfat.com

فاعل الربا مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر، مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ ہو کر معطوف علیہ، واوٗ عاطفہ ما بمعنی شیء مبتدا۔ احسن فعل ماضی معروف واحد مذکر غائب اس میں ھو ضمیر وجوبًا مستتر فاعل المصطاف معطوف علیہ واوٗ عاطفہ المتربعا معطوف، معطوف علیہ اور معطوف مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر۔ مبتدا اور خبر مل کر جملہ اسمیہ معطوفہ۔

لا رفث ولا فسوق ولا جدال فی الحج

لا نفی جنس رَفث اس کا اسم ثَابتَةٌ فی الحج اس کی خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

نوٹ: اسی طرح لا فسوق ثابِتَةٌ فی الحج ولا جدال ثابِتَةٌ فی الحج

(ii) لا نفی جنس رَفَثَ معطوف علیہ واوٗ عاطفہ لا زائدہ برائے تاکید فسوق معطوف واوٗ عاطفہ لا زائدہ برائے تاکید جِدَالَ معطوف۔ معطوف علیہ با معطوفین اسم ثابتةٌ فی الحج خبر۔ لا نفی جنس اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

Marfat.com

ملا احمد جیون رحمۃ اللہ علیہ

کی شہرۂ آفاق تفسیر

تفسیرات احمدیہ

جس کا نہایت سلیس اور دلکش انداز میں اردو ترجمہ

جناب مفتی محمد شرف الدین اشرفی

خطیب اعظم ملٹن کینز، انگلینڈ نے کیا۔

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور، کراچی -- پاکستان

Marfat.com

کتابِ رشد و ہدایت کی ہمہ گیر آفاقی تعلیمات کو عام کرنے کے لئے

نورِ سرور اور جذبہ حب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مبنی آیات احکام کی مفصل وضاحت

اردو زبان میں پہلی مرتبہ

تفسیر احکام القرآن

مفسر قرآن، علامہ مفتی محمد جلال الدین قادری

آیات احکام کا مفصل لغوی و تفسیری حل امہات کتب تفسیر کی روشنی میں

مفسرین کی تصریحات کے مطابق پیش کیا گیا۔

اس لئے یہ کتاب طلباء، علماء، وکلاء، ججز

اور عوام و خواص کے لئے قیمتی سرمایہ

آج ہی طلب فرمائیں

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور۔ کراچی۔ پاکستان

Marfat.com

ضیاء القرآن پبلی کیشنز کے تفاسیری کارنامے

تفسیر ضیاء القرآن ۵ جلد

فہم قرآن کا بہترین ذریعہ
اہل دل کیلئے ایک نایاب تحفہ

ترجمۃ القرآن جمال القرآن

قرآن پاک کا لسانی لحاظ سے بہترین ترجمہ جس کے ساتھ ساتھ اجمالی تفسیر آسان انداز میں

تفسیر ابن کثیر ۱۴ جلد

علامہ عماد الدین ابن کثیر

تفسیرات احمدیہ

ملا جیون رحمۃ اللہ علیہ

تفسیر خزائن العرفان

تفسیر سورۃ النساء

تفسیر احکام القرآن

علامہ جلال الدین قاضی

الحسنات ۱۰ جلد

تفسیر درِ منثور

علامہ جلال الدین سیوطی

تفسیر مظہری ۱۰ جلد

عارف باللہ حضرت قاضی
ثناء اللہ پانی پتی

تفسیر نور العرفان

یا ایھا الذین امنوا

مفتی سعادت علی قادری

تفسیر بینات القرآن

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

گنج بخش روڈ لاہور 7221953-7220479
فیکس: 7238010
۹ الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور 7225085-7247350
۱۴ انفال سنٹر اردو بازار کراچی 2210212-2212011
2630411

Marfat.com